
www.ilmkidunya.com

سوال 1: مندرجہ ذیل کی مختصر وضاحت کریں۔

☆ بگاڑنے والی فورس ☆ لچک ☆ لچک کی حد

جواب: **بگاڑنے والی فورس (Deforming Force):** کسی شے پر کوئی بیرونی فورس عمل کرے تو وہ اس کا سائز یا شکل تبدیل کر سکتی ہے۔ ایسی فورس بگاڑنے والی فورس کہلاتی ہے۔

مثال: اگر کسی سپرنگ پر ایک مناسب فورس لگائی جائے تو وہ اس کی لمبائی کو بڑھا سکتی ہے، جسے بڑھاؤ (Extension) کہا جاتا ہے یا دباؤ (Compression) سے اس کی لمبائی کو کم کر سکتی ہے۔ اگر فورس کو ہٹا لیا جائے تو سپرنگ اپنے اصل سائز اور شکل میں واپس آ جاتا ہے۔ اسی طرح کھینچی ہوئی ربڑ کی ایک پٹی یا ربڑ بینڈ پر سے لگائی گئی فورس ہٹا لی جائے تو وہ بھی اپنی اصل شکل اور سائز میں واپس آ جاتے ہیں۔



شکل 1

لچک: اگر کسی شے پر سے بگاڑ پیدا کرنے والی فورس ہٹانے کے بعد وہ اپنے اصل سائز اور شکل میں واپس آ جائے تو ایسی شے کو لچک دار (Elastic) کہتے ہیں۔ مادے کی یہ خصوصیت لچک (Elasticity) کہلاتی ہے۔ اس خصوصیت کی بدولت ہم کسی مٹیریل کی مضبوطی اور کسی فورس کے زیرِ عمل بگاڑ کا تعین کر سکتے ہیں۔

مثال: جب ایک ٹینس بال کو ریکٹ سے شاٹ لگائی جاتی ہے تو ٹینس بال کی شکل اور ریکٹ کی تندیوں کی شکل بگڑ جاتی ہے یا مڑ جاتی ہے (شکل نمبر 1)۔ ریکٹ سے بال اچھلنے کے بعد وہ اپنی اصل شکل میں واپس آ جاتے ہیں۔

لچک کی حد (Elastic limit): زیادہ تر میٹریلز کسی خاص حد تک ہی لچک دار ہوتے ہیں، جسے ان کی لچک کی حد (Elastic limit) کہا جاتا ہے۔ لچک کی حد کے بعد تبدیلی مستقل ہو جاتی ہے۔ تب بگاڑ پیدا کرنے والی فورس ہٹانے کے بعد بھی وہ شے اپنی اصل شکل اور سائز میں واپس نہیں آتی۔


سوال 2: ہُک کا قانون تفصیلاً بیان کریں۔

جواب: **ہُک کا قانون (Hooke's Laow):** سپرنگ کی لچک کی حد کے اندر اس کا پھیلاؤ یا سکڑاؤ لگائی گئی فورس کے راست متناسب ہوتا ہے۔ یہ ہُک کا قانون کہلاتا ہے۔

وضاحت: اگر کسی سپرنگ پر بڑھاؤ یا سکڑاؤ کے لیے فورس F لگائی جائے تو اس میں پیدا ہونے والا پھیلاؤ یا سکڑاؤ 'x' لچک کی حد کے اندر لگائی گئی فورس کے راست متناسب ہوتا ہے۔

$$F \propto x$$

$$F = kx \qquad \text{یا} \quad k = \frac{F}{x} \ldots\ldots\ldots (1)$$



شکل 2

سپرنگ کونسٹنٹ: اس میں k تناسب کا کونسٹنٹ (Constant) ہے، جو سپرنگ کونسٹنٹ کہلاتا ہے۔ اصل میں یہ سپرنگ کی سختی کی پیمائش کرتا ہے۔ سپرنگ کونسٹنٹ کی قیمت جتنی زیادہ ہوگی اتنا ہی سپرنگ زیادہ سخت یا مضبوط ہوگا۔

یونٹ: اس کا یونٹ فی میٹر ہے (Nm^{-1})۔

فورس اور بڑھاؤ کے مابین گراف: فورس اور بڑھاؤ کے مابین گراف ایک سیدھی لائن ہوتی ہے جو ابتدائی نقطہ میں سے گزرتی ہے۔ اگر لگائی گئی فورس یا وزن سپرنگ کے لچک کی حد سے بڑھ جائے تو یہ مستقل طور پر


بگڑ جائے گا اور اس کا گراف سیدھی لائن میں نہیں رہے گا۔ فورس اور بڑھاؤ کے گراف کا گریڈیئنٹ یا سلوپ سپرنگ کونسٹنٹ k کی قیمت کے برابر ہوتا ہے۔

اطلاق: ہُک کے قانون کا اطلاق ایک سیدھی باریک دھاتی تار اور ربڑ بینڈ پر بھی لچک کی حد کے اندر رہنے تک ہوتا ہے۔

سوال 3: ہُک کے قانون کے اطلاقات تفصیلاً بیان کریں۔


جواب: **ہُک کے قانون کے اطلاقات (Applications of Hooke's Law):** ہُک کے قانون کا اطلاق بہت سی اشیا پر بنیادی اصول کے طور پر ہوتا ہے۔ ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کے میدان میں بہت سے آلات کے اندر سپرنگ ہُک کے قانون کے تحت کام کرتے ہیں مثلاً سپرنگ والے ترازو، میکینیکل گھڑیوں میں بیلنس وھیل، گیلوانومیٹر، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے سسپنشن سسٹم، دروازوں کے قبضے، سپرنگ دار گدّے، مٹیریل جانچنے والی مشین، وغیرہ۔

فورس کی خاص حد: بہرحال ہُک کے قانون کا اطلاق فورس کی ایک خاص حد تک ہی ہوتا ہے۔ حد سے اوپر جانے پر مستقل طور پر بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ لہٰذا سپرنگ ہُک کے قانون کے مطابق کام نہیں کرتا۔ چند ایک استعمالات کی تفصیل درج ذیل ہے۔




شکل 3 سپرنگ والے ترازو

1- **سپرنگ والے ترازو:** سپرنگ والے ترازو اشیا کا وزن معلوم کرنے کے لیے سپرنگ کا بڑھاؤ یا سکڑاؤ استعمال کرتے ہیں۔ ایک عام سپرنگ والے ترازو میں پیدا ہونے والا بڑھاؤ ہی وزن کی پیمائش ہوتی ہے۔ سپرنگ کے دباؤ والے ترازو میں وزن (فورس) سپرنگ کو دباتا ہے اور پیدا ہونے والا سکڑاؤ پوائنٹر سکیل پر ظاہر کرتا ہے جو اس وزن کی پیمائش ہے۔ وزن کرنے والی مشینیں عموماً اسی قسم کے ترازو ہوتے ہیں۔



شکل 4

2- **میکینیکل گھڑیوں کے بیلنس وھیل:** میکینیکل گھڑیوں میں بیلنس وھیل آگے پیچھے حرکت کو کنٹرول کرنے کے لیے سپرنگ کا استعمال کرتے ہیں جو گھڑی کی سوئیوں کی سپیڈ کو باقاعدہ رکھتے ہیں (شکل نمبر 4)۔



شکل 5

3- **گیلوانومیٹر:** گیلوانومیٹر کرنٹ کی موجودگی جانچنے کا ایک آلہ ہے۔ یہ ایک باریک سا سپرنگ جو بال نما سپرنگ کہلاتا ہے کو استعمال کرتا ہے (شکل نمبر 5) جو گیلوانومیٹر کی کوائل کو الیکٹریکل کنکشنز مہیا کرتا ہے اور پوائنٹر کو زیرو پوزیشن پر واپس بھی لاتا ہے۔ پوائنٹر کا مڑنا حد کے اندر اس میں سے گزرنے والی کرنٹ کے متناسب ہوتا ہے۔

سوال 4: ڈینسٹی کیا ہے؟ اور اسے کیسے معلوم کرتے ہیں؟

جواب: **ڈینسٹی:** کسی مادے کی ڈینسٹی اس کے یونٹ والیوم کے ماس کے برابر ہوتی ہے۔

فارمولا:

$$\text{ڈینسٹی} = \frac{\text{ماس}}{\text{والیوم}} \quad \text{---(1)}$$

یونٹ: ڈینسٹی کا SI یونٹ kgm^{-3} ہے۔ ایک اور یونٹ gcm^{-3} بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

وضاحت: اگر ہم مختلف میٹریلز کے برابر برابر والیوم لیں اور ترازو سے ان کا وزن کریں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ ان کے ماس مختلف ہیں۔ یعنی ایک سینٹی میٹر مکعب لکڑی کا ماس قریب 0.7 گرام ہوگا جب کہ اتنے ہی لوہے کا ماس قریباً 8.0 گرام ہوگا۔ ہم جانتے ہیں کہ تمام مادے مالیکیولز سے مل کر بنتے

www.ilmkidunya.com

ہیں۔ مختلف مادوں کے مالیکیولز مختلف جسامت اور ماس کے ہوتے ہیں۔ مالیکیولز کے آپس میں درمیانی فاصلے بھی مختلف ہوتے ہیں۔

دراصل مختلف مادوں کے برابر والیوم کا ماس اس والیوم میں موجود مالیکیولز کی کل تعداد کے مجموعی ماس کے برابر ہوتا ہے۔ قدرتی بات ہے کہ جن مادوں میں مالیکیولز گنجان ہوں گے اور بھاری ہوں گے، وہ دوسروں کی نسبت زیادہ وزنی ہوں گے۔

ٹیبل

مادے	ڈینسٹی (kgm^{-3})	مادے	ڈینسٹی (kgm^{-3})	مادے	ڈینسٹی (kgm^{-3})
پانی	1000	پٹرول	800	ہوا	1.3
سٹیل	7800	ایلومینیم	2700	بجری	2400
اوسمیم	22600	سونا	19300	سِکّہ	11400

ڈینسٹی کی اہمیت: بلڈنگ ڈیزائنرز اور انجینئرز سڑکوں، پُلوں اور بلڈنگز کی ڈیزائننگ اور تعمیر کرتے وقت استعمال کیے جانے والے تعمیری میٹریلز کی ڈینسٹی کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ مطلوبہ بنیادوں اور تعمیری ستونوں کی مضبوطی کا حساب کتاب لگانے کے لیے تعمیری میٹریل کی ڈینسٹی کو مدِنظر رکھنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔

ڈینسٹی کی پیمائش: کسی مادے کی ڈینسٹی، اس کا ماس اور والیوم کی پیمائش کر کے معلوم کی جاسکتی ہے۔ ماس کسی فزیکل بیلنس (ترازو) سے با آسانی ماپا جاسکتا ہے۔

اگر مادی شے ٹھوس ہے اور اس کی شکل باقاعدہ ہے تو اس کا والیوم اس کی لمبائی، چوڑائی وغیرہ کی پیمائش کر کے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

مثال کے طور پر اگر شے ایک کرے کی شکل کی ہے تو اس کا ڈایامیٹر ورنیئر کیلی پرز کی مدد سے ماپا جاسکتا ہے اور اس طرح والیوم معلوم کیا جاسکتا ہے۔ ماس اور والیوم جانتے ہوئے ڈینسٹی معلوم کی جاسکتی ہے۔

سوال 5: پریشر کیا ہے؟ نیز روزمرّہ زندگی کی چند مثالیں بیان کریں۔

جواب: پریشر (Pressure): پریشر کسی شے کے یونٹ رقبہ پر عموداً لگنے والی فورس ہے۔

فارمولا (Formula): اگر کسی سطح کے رقبہ یا ایریا A پر فورس F عموداً عمل کرے تو اُس سطح پر پریشر P یہ ہوگا۔


$$P = \frac{F}{A} \ldots\ldots (1)$$

ایریا A جس پر فوری عمل کرتی ہے، عام طور پر کنٹیکٹ ایریا کہلاتا ہے۔ مساوات (1) ظاہر کرتی ہے کہ اگر کنٹیکٹ ایریا چھوٹا ہو تو لگائی گئی فورس کا پریشر بہت زیادہ ہو جاتا ہے۔

یونٹ: سسٹم انٹرنیشنل میں پریشر کا یونٹ Nm^{-2} ہے، جسے پاسکل (Pa) کہا جاتا ہے۔

وضاحت: اگر ایک لکڑی کی چھڑی کا سرا موٹا ہو تو اُسے زمین میں گاڑنا بہت مشکل ہے۔ اس کے برعکس اگر اس کا سرا نوکیلا ہو تو اُسے با آسانی زمین میں گاڑا جاسکتا ہے۔ پہلی صورت میں لگائی گئی فورس زیادہ رقبہ پر عمل کرتی ہے جب کہ دوسرے صورت میں فورس ایک تھوڑے سے رقبہ پر مرتکز ہو جاتی ہے۔ یعنی دوسری صورت میں پہلی کی نسبت لگائی گئی فورس زیادہ پریشر بناتی ہے۔

روزمرّہ زندگی کی مثالیں



1- چاقو یا چھری وغیرہ کی دھار بہت تیز رکھی جاتی ہے۔ جب ہم کسی چیز کو کاٹنے کے لیے اس کے ہینڈل پر فورس لگاتے ہیں تو چونکہ اس کی سطح کا کنٹیکٹ ایریا بہت کم ہوتا ہے اس لیے اس چیز پر پریشر بہت بڑھ جاتا ہے اور وہ آسانی سے کٹ جاتی ہے۔

www.ilmkidunya.com



شکل 7 تھمب پن

2- تھمب پن کا اوپر والا سرا چوڑا ہوتا ہے لیکن نیچے کا سرا بہت تیز نوکیلا ہوتا ہے۔ اس لیے کنٹیکٹ ایریا بہت کم ہوتا ہے۔ جب ہم اس کے اُوپر فورس لگاتے ہیں تو نوکیلے سرے پر پریشر اتنا زیادہ ہو جاتا ہے کہ وہ لکڑی کے بورڈ میں گھس جاتا ہے (شکل نمبر 7)۔

3- جب ہم زمین پر چلتے ہیں تو ہم اس پر فورس لگاتے ہیں جس کے نتیجے میں ہم پر ردعمل کی فورس لگتی ہے۔ زمین چپٹی ہو تو ردعمل کی فورس پیر کے تمام ایریا پر پھیل جاتی ہے اس لیے اس فورس سے پیدا ہونے والا پریشر تکلیف دہ نہیں ہوتا۔ لیکن جب ہم کنکروں پر چلتے ہیں تو کنٹیکٹ ایریا کم ہو جاتا ہے۔ تب ردعمل کی فورس سے پریشر اتنا زیادہ ہو جاتا ہے کہ یہ تکلیف دیتا ہے۔

4- ہاتھی جیسے بھاری بھرکم جانوروں کی ٹانگیں موٹی اور پیر چوڑے ہوتے ہیں تاکہ اتصال کا ایریا بڑا ہونے کی وجہ سے پریشر کم ہو جائے، ورنہ اُن کی ہڈیاں اتنا پریشر برداشت نہ کر سکے۔

سوال 6: کسی برتن میں مائع کا پریشر کن عوامل پر منحصر ہوتا ہے؟ یہ کیسے معلوم کیا جاتا ہے؟

جواب: مائعات کے اندر پریشر (Pressure in Liquids): مائعات تمام سمتوں میں پریشر ڈالتی ہیں۔ مزید یہ کہ گہرائی کے ساتھ مائع کا پریشر بھی بڑھتا ہے۔

وضاحت: شکل نمبر (8) میں ایک برتن میں مائع دکھایا گیا ہے۔ مائع میں h گہرائی پر ایک ایریا A کی سطح پر اُس کے اوپر مائع کے کالم (Column) کے وزن کے برابر فورس عمل کر رہی ہے۔ اس مائع کا والیوم ہے: $V = Ah$

اگر مائع کی ڈینسٹی "P" ہو تو اس اُوپر والی مائع کا ماس m ہوگا:

$$m = \rho V = \rho Ah$$

اِس لیے ایریا A پر عمل کرنے والی فورس ہوگی:

$$F = mg = \rho\, Ahg$$


ایریا A پر پریشر P ہوگا:

$$P = \frac{F}{A} = \frac{\rho Agh}{A}$$

$$\rho = \rho\, gh \ldots\ldots\ldots (1) \quad \text{یا}$$

مساوات (1) ظاہر کرتی ہے کہ مائع کا پریشر گہرائی کے ساتھ بڑھتا ہے۔

پریشر کی قیمت گہرائی اور مائع کی ڈینسٹی پر منحصر ہوتی ہے۔



شکل 8: مائع کے اندر پریشر

پریشر سے عموداً فورس کا متبادل:

پریشر سطح پر عموداً فورس لگاتا ہے۔ کوئی فورس یا اس کا جزو جو سطح کے متوازی ہو پریشر میں کوئی اضافہ نہیں کرتا۔ پریشر کی تعریف کے مطابق فورس کا عموداً جزو ہی پریشر پیدا کرتا ہے۔ یعنی مائع کے اندر وہ فورسز جو براہِ راست یا جن کی مجموعی حاصل فورس سطح پر عمود ہو۔ اس لیے اگر مائع بھرے برتن کے ایک طرف اگر کوئی سوراخ ہو تو اس میں سے نکلنے والی دھار شروع میں سطح پر عمود ہوتی ہے جو گریویٹی کی وجہ سے زمین کی طرف مڑ جاتی ہے۔

سوال 7: فضائی پریشر پر نوٹ لکھیں۔ نیز بلندی کے ساتھ فضائی پریشر میں تبدیلی کی وضاحت کریں۔

جواب: فضائی پریشر: فضا زمین کی سطح پر اور اس پر موجود ہر شے پر پریشر ڈالتی ہے۔ یہ پریشر فضائی پریشر کہلاتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

وضاحت: زمین ہوا کی ایک تہ میں لپٹی ہوئی ہے، جسے ہم فضا کہتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہوا گیسوں کا ایک مجموعہ ہے۔ ان کے مالیکیولز ہر وقت حرکت میں رہتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کے ساتھ اور راستے میں آنے والی تمام دیگر اشیا کے ساتھ ٹکراتے ہیں۔ اس طرح وہ اشیا پر فورس لگاتے ہیں۔ یہ فورس یونٹ ایریا پر فضائی پریشر ہے۔ چونکہ مالیکولز کی حرکت بے ترتیب ہوتی ہے اس لیے فضائی پریشر تمام سمتوں میں ایک جتنا ہی ہوتا ہے۔

فضائی پریشر کی بلندی: فضائی پریشر قریباً 100 کلومیٹر کی بلندی تک موجود ہوتا ہے۔ تمام فضا میں ہوا کی کثافت ایک جتنی نہیں ہوتی۔ بلندی کے ساتھ یہ بتدریج کم ہوتی جاتی ہے۔


ہم زمین کی فضا کے نیچے رہتے ہیں جو ایک مائع (Fluid) ہے۔ یہ ہمارے جسموں پر پریشر ڈالتا ہے۔

سطح سمندر پر فضائی پریشر: سطح سمندر پر فضائی پریشر کی قیمت قریباً 1.013×10^5 Pa پاسکل ہے۔

اس قیمت کو معیاری فضائی پریشر کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ اتنا بڑا پریشر ہے کہ ہر شے کو کچل کر رکھ دے۔ ہم اسے اس لیے محسوس نہیں کرتے کہ عملی طور پر تمام اجسام کے اندر ہوا موجود ہوتی ہے۔ چونکہ فضائی پریشر تمام سمتوں میں برابر عمل کرتا ہے لہٰذا اندرونی پریشر بیرونی پریشر کو زائل کرتا ہے۔

فضائی پریشر کا ثبوت: ہم فضائی پریشر کی فورس کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ اگر ہم کسی ڈبے میں سے اندر کی ہوا باہر نکال دیں جیسا کہ دی گئی سرگرمی سے ظاہر ہے۔

سرگرمی 1: ٹیچر یہ سرگرمی کلاس کے سامنے خود کر کے دکھائے۔ جس میں مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کیا جائے۔ ٹین کے ایک ڈبے میں پانی کو اُبالیں۔ جب اس میں بھاپ پوری طرح بھر جائے تو اسے برنر (آگ) سے ہٹا لیں اور کارک سے اس کا منہ اچھی طرح بند کر دیں۔ پھر اس پر ٹھنڈا پانی ڈالیں۔ ڈبہ چپک جائے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ ڈبہ کیوں چپک جاتا ہے؟




بلندی کے ساتھ فضائی پریشر میں تبدیلی: مائع کے اندر گہرائی کے ساتھ پریشر بڑھتا ہے۔ گہرائی h پر مائع کا پریشر ہوتا ہے: $P = \rho gh$

یہ فارمولا تمام مائعات پر لاگو ہوتا ہے۔ چونکہ فضا کی گیسیں بھی فلیوڈز (Fluids) ہیں، اس لیے زمین کی سطح سمندر پر فضائی پریشر سب سے زیادہ ہونا چاہیے۔ جوں جوں ہم ہوا میں اوپر جاتے ہیں فضائی پریشر کم ہوتا جاتا ہے۔ قریباً 5 km کی بلندی پر یہ کم ہو کر 55kPa رہ جاتا ہے اور 30km کی بلندی پر یہ گر کر 1 kPa رہ جاتا ہے۔ فضاء میں کسی مقام پر پریشر کی پیمائش کر کے اس مقام کی بلندی معلوم کی جا سکتی ہے۔

سوال 8: فضائی پریشر کی پیمائش کیسے کرتے ہیں؟ وضاحت کریں۔

جواب: بیرو (Barometer): فضائی پریشر عام طور پر مرکری کالم کی اونچائی کے ذریعے ماپا جاتا ہے جسے یہ تھام سکتا ہے۔ جو آلات فضائی پریشر ماپتے ہیں انھیں بیرومیٹرز (Barometers) کہا جاتا ہے۔

بیرومیٹر کی ساخت: ایک سادہ مرکری بیرومیٹر قریباً ایک میٹر لمبی شیشے کی ٹیوب پر مشتمل ہوتا ہے جس کا ایک سرا بند ہوتا ہے۔ اسے مرکری سے پورا بھر دیتے ہیں اور پھر اسے مرکری والی ایک ڈش میں عموداً الٹا دیتے ہیں۔ مرکری کالم کو ماپنے کے لیے ٹیوب کے ساتھ ایک جانب میٹر سکیل لگا دی جاتی ہے۔ (شکل نمبر 9)۔ شیشے کی ٹیوب میں مرکری کے اوپر کی جگہ بالکل خالی ہوتی ہے۔ یہاں فضائی پریشر قریباً صفر ہوتا ہے۔



شکل 9: بیرومیٹر

بیرومیٹر کا طریقہ کار: مرکری کالم کی تہ میں نقطہ A پر پریشر P وہی ہوتا ہے جو ڈش میں مرکری کی سطح پر نقطہ B پر ہوتا ہے کیونکہ یہ دونوں نقاط ایک ہی لیول میں ہیں۔ یہ ڈش میں مرکری کی سطح پر عمل کرنے والے فضائی پریشر $P = \rho gh$ کے برابر ہے۔


www.ilmkidunya.com

اگر ہم میں سمندر پریس $P = 1.013\times10^5\ N\ m^{-2}$ مرکری کی ڈینسٹی $\rho = 13.6\times10^3\ kgm^{-3}$ لیں تو مرکزی کالم کی اونچائی 760mm نکلتی ہے۔ یہ آلہ استعمال کر کے ہوا میں کسی بھی بلندی پر مرکری کالم کی اونچائی کے طور پر فضائی پریشر معلوم کیا جا سکتا ہے۔

فضائی پریشر میں تبدیلیاں بطور موسمی نشاندہی:

فضائی پریشر ہمیشہ یکساں نہیں رہتا بلکہ اوپر نیچے ہوتا رہتا ہے۔ ماہر موسمیات ان تبدیلیوں کا مشاہدہ کر کے موسمی حالات کی پیش گوئی کر سکتا ہے۔

فضائی پریشر ہوا کی ڈینسٹی پر منحصر ہوتا ہے۔ زیادہ بلندی پر جہاں ہوا کی ڈینسٹی کم ہوتی ہے، فضائی پریشر گر جاتا ہے۔ اس طرح آبی بخارات میں اضافہ بھی ڈینسٹی کو کم کر دیتا ہے۔ لہٰذا بادلوں والے علاقوں میں فضائی پریشر کم ہو جاتا ہے۔ ماہرین موسمیات اسی علم کی بنیاد پر بارشوں کی پیش گوئی کرتے ہیں۔ پریشر میں کمی کا عموماً یہی مطلب ہوتا ہے کہ بادل آ رہے ہیں اور بارش ہونے والی ہے۔



شکل 10 مینومیٹر

سوال 9: مینومیٹر کے ذریعے پریشر کی پیائش کیسے کرتے ہیں؟ مختصراً وضاحت کریں۔


جواب: مینومیٹر کی ساخت (Function of Manometer): ایک سادہ مینومیٹر U شکل کی ایک شیشے کی ٹیوب پر مشتمل ہوتا ہے جس میں مرکری ڈالا ہوتا ہے۔

مینومیٹر کا فعل: شروع میں ٹیوب کے دونوں سروں پر فضائی پریشر ایک ہی جتنا ہوتا ہے اس لیے دونوں بازوؤں میں مرکری کی سطح ایک ہی ہوتی ہے۔


پریشر کی پیائش: اگر کسی گیس سلنڈر میں گیس پریشر معلوم کرنا ہو تو اسے چھوٹے بازو کے سرے کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے جب کہ بڑے بازو کا سرا کھلا چھوڑ دیتے ہیں۔

اب اگر چھوٹے بازو میں مرکری کی سطح بڑے بازو سے نیچے ہو تو سلنڈر میں گیس کا پریشر فضائی پریشر سے زیادہ ہوگا (شکل نمبر 11)۔

اگر چھوٹے بازو میں مرکزی بڑے بازو سے اونچی ہے (شکل نمبر 12) تو سلنڈر میں گیس کا پریشر فضائی پریشر سے کم ہوگا۔



شکل 11



شکل 12

سوال 10: پاسکل کا قانون کیا ہے؟ وضاحت کریں۔ نیز چند مفیدہ ہائڈرالک سسٹمز کے نام لکھیں۔


جواب: پاسکل کا قانون (Pascal's Law): جب کسی شے میں بند فلیوڈ کے ایک نقطہ پر پریشر ڈالا جاتا ہے تو یہ فلیوڈ کے ہر حصے میں برابر طور پر منتقل ہو جاتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

1- غبارے میں ہوا بھرنا: جب ہم ایک غبارے کو پھلاتے ہیں تو ہم پریشر کے ساتھ اس کے اندر ہوا دھکیلتے ہیں لیکن غبارہ تمام اطراف سے یکساں پھولتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس پر ڈالا گیا پریشر تمام اطراف میں یکساں طور پر منتقل ہو جاتا ہے۔

2- موٹر سائیکل کے ٹائر میں ہوا بھرنا: اسی طرح جب کسی موٹر سائیکل کے ٹائر میں ہوا بھرتے ہیں تو ہوا کا پریشر اس کے ایک نقطے پر ڈالا جاتا ہے لیکن ٹائر سب طرف سے یکساں طور پر پھولتا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ پریشر ٹائر کے ہر حصے میں منتقل ہو جاتا ہے۔

تجربہ / سرگرمی: ایک فلاسک میں پانی بھریں جس کے منہ پر پسٹن لگا ہو اور اس کی اطراف میں مختلف پوزیشنز پر چند نلیاں لگا دی گئی ہیں۔ اگر ایسی فلاسک دستیاب نہ ہو تو آپ پلاسٹک کی کسی بوتل کے مُنہ کے ساتھ ایک سرنج جوڑ سکتے ہیں۔ اطراف والی نلیوں کے لیے بوتل کے ہر طرف سوراخ کر کے ان میں پینے کے سٹرا (Straw) گلو کی مدد سے جوڑے جا سکتے ہیں۔



شکل 13

ہم دیکھیں گے کہ اطراف کی تمام نلیوں میں پانی کی سطح ایک ہی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مائع اپنی سطح برقرار رکھتی ہے اور تمام مقامات پر ایک ہی بلندی تک چڑھتی ہے۔ اب پسٹن کو تھوڑے سے فاصلہ تک نیچے دبائیں۔ ہم دیکھیں گے کہ پانی کی سطح تمام نلیوں میں ایک ہی جتنا اُو پر چڑھتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مائع کے ایک نقطہ پر ڈالا گیا پریشر مائع کے تمام حصوں میں برابر طور پر منتقل ہوتا ہے۔ چونکہ گیسوں (ہوا) اور مائعات کے لیے ایک ہی اصطلاح فلیوڈز استعمال کی جاتی ہے لہٰذا درج بالا دونوں سرگرمیاں پاسکل کے قانون کو ثابت کرتی ہیں۔

فوائد (Advontages): ہائڈرالک سسٹمز کی ٹیکنالوجی کی بنیاد پاسکل کا قانون ہے۔ اس کے فوائد یہ ہیں:

(i) مائعات مہیا کی گئی کوئی انرجی جذب نہیں کرتیں۔

(ii) یہ بہت بھاری اوزان کو حرکت دینے کے قابل ہوتی ہیں اور ان کی ناقابل دباؤ کی صلاحیت کی وجہ سے زیادہ بڑی فورسز مہیا کرتی ہیں۔


اطلاق: چند مفید ہائڈرالک سسٹمز یہ ہیں:

1- ہائڈرالک پریس 2- سروس سٹیشنز پر کار لفٹ 3- گاڑیوں کی ہائڈرالک بریکیں

سوال 11: ہائڈرالک پریس کے کام کرنے کا اصول بیان کریں۔

جواب: ہائڈرالک پریس کا اصول: ہائڈرالک پریس ایک ایسی مشین ہے جو پاسکل کے قانون کے تحت کام کرتی ہے۔

ہائڈرالک پریس کی ساخت: شکل (نمبر 14) میں دکھائے گئے ایک خاص طرز کے کنٹینر (Container) پر غور کریں۔ اس کنٹینر میں دو سلنڈروں کو ایک پائپ کے ذریعے ملایا گیا ہے۔ چھوٹے سلنڈر کا عرضی ایریا A_1 (Cross-Sectional Area) ہے اور بڑے سلنڈر کا A_2 ہے۔ سلنڈروں میں کچھ ناقابل دباؤ مائع بھری ہوئی ہے۔



شکل 14

ہائڈرالک پریس کا فعل: فرض کریں کہ چھوٹے پسٹن کو فورس F_1 لگا کر نیچے دبایا گیا ہے تو اس سے پیدا ہونے والا پریشر $P = F_1 / A_1$ برابر طور پر بڑے پسٹن کو منتقل ہو گیا ہے۔ اس پریشر P کی وجہ سے ایک فورس F_2 پسٹن A_2 پر عمل کرے گی جو یہ ہو گی:


$$F_2 = PA_2$$

P کی قیمت درج کرنے سے

$$F_2 = \frac{F_1}{A_1} A_2 \ldots\ldots (1)$$

چونکہ $A_2 > A_1$، اس لیے $F_2 > F_1$

فورس ملٹی پلائر: چھوٹے پسٹن پر لگائی گئی ایک چھوٹی فورس، بڑے پسٹن پر ایک بڑی فورس لگا دیتی ہے۔ اس قسم کا سسٹم فورس ملٹی پلائر (Force Multiplier) کہلاتا ہے۔



شکل 15


مثالیں: 1- روئی یا جس شے کو بھی دبانا ہو بڑے پسٹن پر رکھ دیا جاتا ہے۔ چھوٹے پسٹن پر ایک فورس F_1 لگائی جاتی ہے۔ چھوٹے پسٹن سے پیدا ہونے والا پریشر برابر طور پر بڑے پسٹن کو منتقل ہو جاتا ہے۔ اس پر ایک بڑی فورس F_2 عمل کرتی ہے۔ یہ فورس بڑے پسٹن کو اوپر اٹھاتی ہے اور روئی کی گانٹھ کو دبا دیتی ہے۔

2- یہ اصول سروس سٹیشنز پر کار دھوتے ہوئے اس کو اوپر اٹھانے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (شکل نمبر 15)۔

سوال 12: ہائڈرالک بریکیں کس عمل کے تحت فورس کو پیڈلز سے بریک پیڈز کی طرف منتقل کرتی ہیں؟

جواب: ہائڈرالک بریکیں: کچھ گاڑیوں کی بریکیں پاسکل کے اصول پر کام کرتی ہیں۔

ساخت: اس قسم کی بریکوں میں پسٹن والے سلنڈرز پہیوں کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں۔ بریک کا پیڈل ایک ماسٹر سلنڈر کے ساتھ جڑا ہوتا ہے جس کا عرضی رقبہ چھوٹا ہوتا ہے۔ ماسٹر سلنڈر کو پائپوں کے ذریعے پہیوں سے منسلک بڑے سلنڈروں کے ساتھ جوڑا گیا ہوتا ہے جیسا کہ شکل (نمبر 16) میں دکھایا گیا ہے۔ اس سسٹم میں تیل بھرا ہوتا ہے۔




شکل 16 ہائڈرالک بریک سسٹم

فعل: جب پیڈل کو دبایا جاتا ہے تو پسٹن، ماسٹر سلنڈر کے اندر مائع پر پریشر ڈالتا ہے۔ مائع کا پریشر دوسرے سلنڈروں کے بڑے پسٹنوں پر برابر طور پر منتقل ہو جاتا ہے۔ یہ پریشر پسٹنوں کو باہر کی طرف دھکیلتا ہے جو آگے بریک کے پیڈز کو بریک ڈسکوں یا بریک ڈرمز کے ساتھ فرکشن گاڑی کو آہستہ کر دیتی ہے جب پیڈز پر سے پریشر ہٹا لیا جاتا ہے تو سپرنگ بریک پیڈز کو واپس کھینچ لیتے ہیں اور پہیے دوبارہ آزادانہ گھومنے لگتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

اہم سوالات

سرگرمیاں



سرگرمی نمبر 1: ٹیچر ایک چکردار (Helical) سرنگ بمعہ پوائنٹر، جھری دار باٹ، ہاف میٹر رُولر یا سکیل، لوہے کا سٹینڈ طلبہ کو مہیا کرے اور اُن کو یہ سرگرمی کرنے کے لیے ہدایات کے مطابق معاونت فراہم کرے۔

نوٹ: ایک چکردار سپرنگ بل دار سپرنگ کی لمبائی اس کے قُطر سے زیادہ ہونی چاہیے۔


(i) چکردار سپرنگ کو سٹینڈ پر لٹکائیں۔

(ii) پوائنٹر کو اس طرح سیٹ کریں کہ یہ سکیل کے ساتھ نہ چھوئے لیکن سکیل کے ساتھ ساتھ آسانی سے اُوپر نیچے حرکت کر سکے۔

(iii) ہینگر میں 50 گرام کا ایک جھری دار باٹ ڈالیں اور سکیل پر پوائنٹر کی پوزیشن نوٹ کریں۔

(iv) ہر دفعہ برابر برابر وزن بڑھا کر پانچ مرتبہ اس عمل کو دہرائیں۔

(v) فورس کو y- ایکسز کے ساتھ اور سپرنگ میں بڑھاؤ کو x- ایکسز کے ساتھ رکھ کر گراف کھینچیں۔



(vi) گراف کی شکل کیسی ہے؟


جواب: ایک سیدھی لائن۔

(vii) یہ کیا ظاہر کرتا ہے؟

جواب: لائن گراف ایکسٹینشن اور لوڈ کے درمیان براہ راست متناسب تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔

(viii) سیدھی لائن کا سلوپ معلوم کریں۔ یہ کیا ظاہر کرتا ہے؟

جواب: گراف کی ڈھلوان سپرنگ کے مستقل کی نمائندگی کرتی ہے۔ $k = \frac{F}{x}$




سرگرمی نمبر 2: ٹیچر کو چاہیے کہ وہ گروپس کو پیمائشی سلنڈ مہیا کریں اور ان میں کچھ پانی بھرنے میں اُن کی معاونت کریں۔ اگر مادہ پانی میں حل پذیر ہے تو ایسی مائع استعمال کریں کہ جس میں یہ حل پذیر نہ ہو۔ سلنڈر میں مائع کی سطح نوٹ کریں۔ اب آہستہ سے شے کو سلنڈر میں ڈالیں۔ سطح کی اونچائی میں اضافہ اس شے کے والیوم کے برابر ہوگا۔

سرگرمی نمبر 3: ٹیچر یہ سرگرمی کرنے کے لیے طلبہ کی مدد کریں اور ہدایات کے مطابق ان کے ساتھ تبادلہ خیال کریں۔

1- دی ہوئی شکل کے مطابق برتن کے ایک جانب مختلف اونچائی پر تین چھوٹے چھوٹے سوراخ کریں۔

www.ilmkidunya.com




-2 برتن کو پانی سے بھریں۔

-3 سوراخ میں سے نکلنے والی دھاروں کا مشاہدہ کریں۔ یہ ابتدائی سطح پر عمود ہیں۔

-4 ان میں سے کوئی دھار زیادہ فاصلے تک آ کر زمین پر گرتی ہے؟

-5 کون سی پوزیشن پر مائع کا پریشر زیادہ ہے؟

سرگرمی نمبر4: ٹیچر کو چاہیے کہ اس سرگرمی کا مظاہرہ کر کے دکھائیں یا مندرجہ ذیل ہدایات کے مطابق اس سرگرمی میں طلبہ کی مدد کریں۔



(i) پولی تھین کا ایک شاپنگ بیگ پانی سے بھر دیں۔

(ii) ایک پین کی مدد سے اُس میں بہت سے سوراخ کریں۔


(iii) بیگ کے اوپری سرے کو نرمی سے دبائیں۔

(iv) آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟

بیگ کو اُوپر والے سرے سے دبانے پر پانی تمام سمتوں میں یکساں طور پر تیزی سے باہر نکلتا ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ پریشر پوری مائع کے اندر تمام سمتوں میں برابر طور پر منتقل ہوتا ہے۔

سرگرمی نمبر5: ٹیچر کو چاہیے کہ وہ گروپس کو مندرجہ ذیل ہدایات کے مطابق عمل کرنے کے لیے ان کی معاونت کریں۔



(i) ایک سرنج کو پانی سے بھریں اور اس کی نوزل پلاسٹک کی پتلی ٹیوب میں پھنسا دیں۔

(ii) سرنج کو دبا کر ٹیوب میں پانی بھر دیں۔

(iii) دوسری سرنج کو پانی سے آدھی بھریں اور اس کی نوزل ٹیوب کے دوسرے سرے میں پھنسا دیں۔

(iv) ایک پلنجر کو تھوڑے سے فاصلے تک اندر کی طرف دھکیلیں۔

(v) کیا دوسرا پلنجر اتنا ہی فاصلہ باہر کی طرف کو دھکیلا جاتا ہے؟

(vi) کیا مائع کے ذریعے پریشر دوسرے پلنجر میں منتقل ہوا ہے؟

(vii) آپ اس سے کیا نتیجہ نکالتے ہیں؟

کوئیک کوئز

-1 اگر درج بالا تجربہ نسبتاً سخت سپرنگ (k کی زیادہ قیمت والا) کے ساتھ دہرایا جائے تو گراف پر کیا اثر ہوگا؟

جواب: سیدھی لائن لوڈ محور کی طرف مرتی ہے (Y-axis)۔

-2 اس تجربے کے ذریعے کسی نامعلوم وزن کی قیمت کیسے معلوم کر سکتے ہیں؟

جواب: اگر ہم سپرنگ کے مستقل کی قدر اور نامعلوم وزن سے پیدا ہونے والی توسیع کی قدر کو جانتے ہیں تو ہم نامعلوم وزن کا حساب لگا سکتے ہیں۔

-3 اگر کوئی شے مائع سے ہلکی ہو تو آپ اس کا والیوم کیسے معلوم کریں گے؟

جواب: والیوم کی پیمائش کے لیے، اسے کسی بھاری سے باندھ کر مائع میں ڈبوئیں اور پھر دونوں کا مشترکہ والیوم معلوم کریں۔ اب بھاری شے کو علیحدہ سے پانی میں ڈبو کر اسکا والیوم الگ سے معلوم کریں۔ دونوں والیوم کا فرق نکالیں۔ تو مائع سے ہلکی شے کا والیوم معلوم کیا جا سکتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

4- کسی خصوصیت کی بنا پر آپ ایک چاندی کا چمچہ اور ایک سٹین لیس سٹیل کے چمچے کی پہچان کر سکتے ہیں؟

جواب: سٹین لیس سٹیل کے مقابلے چاندی کی ڈینسٹی زیادہ ہوتی ہے۔ اس وجہ سے چاندی کا وزن سٹیل کے وزن سے زیادہ ہوتا ہے۔ تو جس چمچہ کا وزن زیادہ ہوگا وہ چاندی کا چمچہ ہے اور کم وزن والا سٹین لیس سٹیل کا چمچہ ہے۔

5- اگر آپ زمین پر دو پیروں کی بجائے ایک پیر پہ کھڑے ہوں تو کیا آپ زمین پر زیادہ، اتنا ہی کم پریشر ڈالیں گے؟

جواب: اگر ہم دو کی بجائے ایک پاؤں پر کھڑے ہوں تو فورس (ہمارا وزن) ایک چھوٹے حصہ پر مرکوز ہوتا ہے اور پریشر میں اضافہ کرتا ہے، دو پاؤں کے ساتھ، ایک ہی فورس پریشر کو کم کرنے کے لیے ایک بڑے ایریا پر پھیلا ہوا ہے۔

6- کیا بیرومیٹر بنانے کے لیے ہم مرکری کی بجائے پانی استعمال کر سکتے ہیں؟ وضاحت کریں کہ کیوں؟

جواب: ہم جانتے ہیں کہ مرکری پانی سے 13.6 گنا بھاری ہے۔ ایٹما سفیرک پریشر کس جگہ مرکری کے کالم کی بہ نسبت پانی کے 13.6 گنا بلند کالم کو عموداً سہارا دے سکتا ہے۔ پس سطح سمندر پر پانی کے کالم کی عموداً بلندی (0.76×13.6) m $= 10.34$ ہوگی۔ لہٰذا پانی کا بیرومیٹر بنانے کے لیے 10 m سے بھی زیادہ لمبی شیشے کی ٹیوب درکار ہوگی۔ جو کہ بالکل نامناسب ہے۔ اسی لیے پانی کو بیرومیٹر میں استعمال کرنا موزوں نہیں سمجھا جاتا۔

آپ کی معلومات کے لیے


سوال نمبر1: غیر لچکدار میٹریلز سے کیا مراد ہے؟

جواب: کچھ میٹریلز مثلاً گندھی ہوئی مٹی یا پلاسٹی سین (Plasticine) بگاڑ پیدا کرنے والی فورس کو ہٹانے کے بعد اپنی اصل شکل میں واپس نہیں آتے۔ یہ ان الاسٹک یا غیر لچکدار میٹریلز کہلاتے ہیں۔

سوال نمبر2: کم ڈینسٹی والے میٹریلز کی کوئی سی دو مثالیں دیں۔

جواب: پیکنگ فوم اور پولی تھین کی ڈینسٹی بہت کم ہے۔

سوال نمبر3: ناحل پذیر معائعات کو ملانے سے کیا نتیجہ نکلتا ہے؟



جواب: مختلف ڈینسٹی کے ناحل پذیر مائعات کو ملایا جائے تو وہ تہیں بناتی ہیں۔

سوال نمبر4: کسی مادے کے خالص ہونے کی کیا خصوصیت ہے؟

جواب: ڈینسٹی کسی مادے کے خالص ہونے کی جانچ ہے۔

سوال نمبر5: پریشر کی وضاحت کریں۔



جواب: دونوں تصویروں میں فورس برابر ہے جو تھیلے کے وزن کی ہے۔ دائیں جانب والی تصویر میں، بائیں جانب والی تصویر کی نسبت کنٹیکٹ ایریا زیادہ ہے تو ہم کہیں گے کہ دائیں جانب والی تصویر میں پریشر کم ہے۔


سوال نمبر6: گیس مائع میں کیسے حل ہوتی ہے؟ وضاحت کریں۔

جواب: کچھ مائعات میں پریشر کے زیر اثر گیس حل کرنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔ جب ہم سوڈا واٹر کی بوتل کھولتے ہیں تو بوتل میں پریشر کم ہو جاتا ہے لہٰذا اب وہ مائع فالتو گیس حل کرنے سے قاصر ہوتا ہے اور حل شدہ گیس سلوشن سے نکل کر مائع کی سطح پر بلبلوں کی صورت میں اوپر سطح پر آجاتی ہے۔

www.ilmkidunya.com


سوال نمبر 6: فورٹیز بیرومیٹر کیا ہوتا ہے؟

جواب: فورٹیز بیرومیٹر فضائی پریشر ماپنے کے لیے لیبارٹریز میں استعمال کیا جاتا ہے۔



سوال نمبر 7: موٹر کاروں کے ٹائروں کا پریشر کیسے معلوم کیا جاتا ہے؟

جواب: ایئر پریشر گیج جو موٹر کاروں کے ٹائروں میں پریشر معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔



دماغ لڑائیے!



سوال: بلڈوزر میں پہیوں کی بجائے ستونی پٹریاں (Pillar tracks) کیوں لگائی جاتی ہیں؟

جواب: بلڈوزر میں پہیوں کی بجائے ستونی پٹریاں لگانے کی وجہ ان کا زیادہ ایریا ہے۔ کیونکہ زیادہ ایریا ہونے کی وجہ سے بلڈوزر کا وزن تقسیم ہو جاتا ہے جو سڑک یا ٹریک پر ہلکا محسوس ہوتا ہے۔ اور ان ستونی پٹریوں کی وجہ سے بلڈوزر ناہموار اور بنجر سطحوں پر زیادہ آسانی سے حرکت کر سکتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

سوال: ایک فضائی پریشر سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایک سینٹی میٹر مربع ایریا پر ایک کلوگرام ماس (دس نیوٹن وزن) کا پریشر ایک فضائی پریشر کے برابر ہوتا ہے۔

سوال: جوتوں کے سول پر دباؤ کیسے بڑھتا ہے؟



جواب: فٹ بال اور ہاکی کھیلنے کے لیے استعمال کیے جانے والے بوٹوں کے تلوں کے نیچے سٹڈ لگے ہوتے ہیں۔ یہ آپ کے پیروں اور زمین کے درمیان کنٹیکٹ ایریا کم کر دیتے ہیں۔ اس سے پریشر بڑھ جاتا ہے اور آپ کے پیروں کی زمین پر گرفت اور مضبوط ہو جاتی ہے۔

چند خصوصی پریشرز

جگہ	پریشر (Pa)	جگہ	پریشر (Pa)	جگہ	پریشر (Pa)	جگہ	پریشر (Pa)
سورج کا مرکز	2×10^{16}	زمین کا مرکز	2×10^{11}	سمندری گہرائیں گڑھا	1.1×10^{18}	موٹر کا ٹائر	2×10^{5}
معیاری فضائی	1.013×10^{5}	بلڈ پریشر	1.6×10^{4}	ماؤنٹ ایورسٹ پر	4×10^{4}	مریخ پر	7×10^{2}

www.ilmkidunya.com

اہم نکات

- لچک ٹھوس اشیا کی وہ خصوصیت ہے کہ جب اُن پر سے بگاڑ پیدا کرنے والی فورس ہٹائی جاتی ہے تو وہ اپنی اصل شکل میں واپس آجاتی ہیں۔
- سپرنگ کی لچک کی حد کے اندر اندر اس کا پھیلاؤ یا سکڑاؤ لگائی گئی فورس کے راست متناسب ہوتا ہے۔ یہ ہُک کا قانون کہلاتا ہے۔
- کسی مادے کے ماس اور والیوم کی نسبت ڈینسٹی کہلاتی ہے۔
- پریشر ایک فورس ہے جو یونٹ ایریا کی کمی پر عموداً عمل کرتی ہے۔ اس کا SI یونٹ پاسکل $1N\ m^{-2}$ ہے۔
- فضائی پریشر ایک فورس ہے جو فضا زمین کی سطح کے یونٹ ایریا پر عموداً لگاتی ہے۔
- فضائی پریشر کی پیمائش مرکری کا وہ کالم ہے جسے فضائی پریشر تھام سکتا ہے۔
- اگر کسی مائع پر پریشر ڈالا جاتا ہے تو مائع اسے تمام اطراف میں برابر برابر منتقل کر دیتی ہے۔ یہ پاسکل کا قانون ہے۔

مشقی سوالات

درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

6.1 ایک تار کو وزن W لٹکا کر کھینچا گیا ہے۔ اگر تار کا ڈایا میٹر پہلے سے آدھا رہ جاتا ہے تو اس کی لمبائی میں اضافہ ہوگا:

(الف) آدھا (ب) دوگنا (ج) ایک چوتھائی (د) چار گنا

6.2 ایک ہی میٹریل کی چار تاریں ایک جتنے وزنوں سے کھینچی گئی ہیں۔ ان کی لمبائیاں اور موٹائیاں مندرجہ ذیل ہیں۔ ان میں سے کون سی زیادہ لمبی ہو جائے گی؟

(الف) لمبائی 1m، ڈایا میٹر 1mm (ب) لمبائی 2m، ڈایا میٹر 2 mm

(ج) لمبائی 3m، ڈایا میٹر 3mm (د) لمبائی 4m، ڈایا میٹر 0.5 mm

6.3 2 اور 3 مربع میٹر ایریا کی دو دھاتی پلیٹیں ایک مائع کے اندر ایک جتنی گہرائی میں رکھی گئی ہیں۔ دونوں پلیٹوں پر پریشر میں نسبت ہوگی:

(الف) 1 : 1 (ب) $\sqrt{2}:\sqrt{3}$ (ج) 2 : 3 (د) 4 : 9

6.4 مائع کے اندر کسی بھی نقطہ پر پریشر متناسب ہوتا ہے:

(الف) مائع کی ڈینسٹی کے (ب) مائع کی سطح کے نیچے نقطہ کی گہرائی کے

(ج) ایکسلریشن آف گریویٹی کے (د) مندرجہ بالا تمام کے

6.5 کسی مائع پر ڈالا گیا پریشر:

(الف) بڑھ جاتا ہے اور مائع کے ہر حصہ میں عمل کرتا ہے (ب) کم ہو جاتا ہے اور برتن کی دیواروں میں منتقل ہو جاتا ہے

(ج) مائع کی ماس کے متناسب سے بڑھ جاتا ہے اور پھر مائع کے ہر حصے میں منتقل ہو جاتا ہے۔

(د) بغیر کسی تبدیلی کے مائع کے ہر حصّے میں اور اس کو رکھنے والے برتن کی دیواروں میں منتقل ہو جاتا ہے۔

6.6 ہائڈرالک پریس کے اصول کی بنیاد ہے:

(الف) ہُک کا قانون (ب) پاسکل کا قانون (ج) تیرنے کا اصول (د) ارشمیدس کا اصول

www.ilmkidunya.com

6.7 جب کسی سپرنگ کو دبایا جاتا ہے تو اس میں کس قسم کی انرجی ہوتی ہے؟

(الف) کائی نیٹک (ب) پوٹینشل (ج) انٹرنل (د) حرارتی

6.8 فضا ایک مستطیلی سطح پر کتنی فورس ڈالتی ہے، مستطیل کی لمبائی 50 سینٹی میٹر اور چوڑائی 40 سینٹی میٹر ہے، جبکہ فضائی پریشر 100 kPa ہے۔

(الف) 20kN (ب) 100 kN (ج) 200 kN (د) 500 kN

جوابات

6.1	د	6.2	د	6.3	الف	6.4	د
6.5	د	6.6	ب	6.7	ب	6.8	الف

2- مختصر جوابات کے سوالات:

6.1 ہاتھی جیسے بھاری بھرکم جانوروں کے پیروں کا رقبہ زیادہ کیوں ہوتا ہے؟

جواب: ہاتھی جیسے بھاری جانوروں کے پاؤں بڑے ہوتے ہیں تاکہ وہ اپنے وزن کو ایک بڑے حصے پر پھیلا سکیں۔ یہ زمین پر پڑنے والے دباؤ کو کم کرتا ہے اور انہیں نرم سطحوں میں ڈوبنے سے روکتا ہے اور زمین کو پہنچنے والے نقصان کو کم کرتا ہے۔

6.2 ہرن جیسے تیز دوڑنے والے جانوروں کے پیروں کا رقبہ کم کیوں ہوتا ہے؟

جواب: ہرن جیسے جانور جو تیزی سے دوڑتے ہیں ان کے پاؤں چھوٹے ہوتے ہیں تاکہ زمین کے رابطے میں سطح کے ایریا کو کم کیا جا سکے۔ یہ فرکشن کو کم کرتا ہے، تیز اور زیادہ موثر حرکت کی اجازت دیتا ہے۔ چھوٹے رقبے کا مطلب ہے کہ کم سطح کا رقبہ جس کی وجہ سے فرکشن کم ہوتی ہے اور سپیڈ بڑھتی ہے۔

6.3 کنکریوں پر ننگے پاؤں چلنا تکلیف دہ کیوں ہوتا ہے؟

جواب: کنکریوں پر ننگے پاؤں چلنا تکلیف دہ ہے کیونکہ کنکریوں کی چھوٹی سطح پاؤں کے تلووں پر زیادہ پریشر ڈالتی ہے جس سے تکلیف اور درد ہوتا ہے۔

6.4 پاسکل کا قانون بیان کریں۔ پاسکل کے قانون کا کوئی ایک اطلاق بتائیں۔

جواب: پاسکل قانون: جب کسی بند فلیوڈ میں ایک مقام پر پریشر ڈالا جاتا ہے تو یہ بغیر کسی نقصان کے مائع کے تمام حصوں میں یکساں طور پر منتقل ہوتا ہے۔

اطلاق: (i) ہائیڈرولک بریک (ii) ہائیڈرولک پریس (iii) پانی کے پمپ

6.5 ہُک کا قانون کیا ہے؟ کیا کوئی شے لچک کی حد سے اوپر لچک دار رہ سکتی ہے؟ بیان کریں۔

جواب: ہُک کا قانون: اگر سپرنگ پر بڑھاؤ یا سکڑاؤ کے لیے فورس F لگائی جائے تو اس میں پیدا ہونے والی پھیلاؤ یا سکڑاؤ 'x'، لچک کی حد کے اندر لگائی گئی فورس کے راست متناسب ہوتا ہے۔

6.6 کسی ٹھوس شے کی لچک سے آپ کی کیا مراد ہے؟

جواب: اگر کسی شے پر سے بگاڑ پیدا کرنے والی فورس بنانے کے بعد وہ اصل سائز اور شکل میں واپس آ جائے تو ایسی شے کو لچک دار کہتے ہیں اور مادے کی یہ خصوصیت لچک کہلاتی ہے۔

لچکدار حد: نہیں، کوئی شے اپنی لچکدار حد سے زیادہ لچکدار نہیں رہتی۔ ایک بار جب لچکدار حد سے تجاوز کر جائے تو، چیز اپنی اصل شکل میں واپس نہیں آتی۔

6.7 فورس اور پریشر میں فرق بیان کریں۔

جواب: فورس: فورس کی جسم کو موشن میں لاتی ہے یا موشن میں لانے کی کوشش کرتی ہے، جسم کی موشن کو روکتی ہے یا روکنے کی کوشش کرتی ہے۔ فورس

www.ilmkidunya.com

ایک ویکٹر مقدار ہے۔


پریشر: پریشر کی تعریف اس فورس کے طور پر کی جاتی ہے جو عام طور پر کسی شے کے یونٹ ایریا پر لگائی جاتی ہے۔ پریشر ایک سکیلر مقدار ہے۔

6.8 مائع کے پریشر اور مائع کی گہرائی کے درمیان کیا تعلق ہے؟

جواب: مائع کا پریشر گہرائی کے ساتھ یکساں طور پر بڑھتا ہے۔ آپ مائع میں جتنی گہرائی میں جائیں گے اتنا ہی پریشر زیادہ ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اوپر والے مائع کا وزن گہرائی کے ساتھ بڑھتا ہے۔

6.9 ایک سادہ مرکری بیرومیٹر سے فضائی پریشر ماپنے کا بنیادی اصول کیا ہے؟

جواب: ایک سادہ مرکری بیرومیٹر اس اصول کی بنیاد پر فضائی پریشر کی پیمائش کرتا ہے کہ بیرومیٹر میں مرکری کے کالم کا وزن ریزروائر (ٹب) میں مرکری کی سطح پر لگنے والے پریشر سے متوازن ہوتا ہے۔ مرکری کالم کی اونچائی براہ راست فضائی پریشر کے راست متناسب ہوتی ہے۔



6.10 گاڑیوں کی ہائڈرالک بریک سٹم میں استعمال ہونے والا بنیادی اصول بیان کریں۔


جواب: گاڑیوں کے ہائڈرالک بریک سسٹم میں استعمال ہونے والا بنیادی اصول پاسکل کا اصول ہے کہ جب کسی بند فلیوڈ میں ایک مقام پر دباؤ ڈالا جاتا ہے، تو یہ مائع کے تمام حصوں میں بغیر کسی نقصان کے یکساں طور پر منتقل ہوتا ہے۔

-3 تعمیری فکر کے سوالات:


6.1 سپرنگ کونسٹنٹ 'k' کا ایک سپرنگ ایک نقطۂ نصب سے عموداً لٹک رہا ہے۔ جب ایک وزن 'L' سپرنگ کے ساتھ لٹکایا جائے گا تو اس کی لمبائی میں اضافہ 'x' ہو جاتا ہے۔ سپرنگ کی لچک کی حد عبور نہیں ہوتی ہے۔ چند ایک جیسے سپرنگ جن کا سپرنگ کونسٹنٹ 'k' ہے ایسے ترتیب دیے گئے ہیں جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔ ہر ایک ترتیب کے لیے یہ مقداریں معلوم کر کے ٹیبل مکمل کریں۔

(i) لمبائی میں کل اضافہ 'x'۔ (ii) سپرنگ کونسٹنٹ 'k'۔

جواب:

ترتیب	لمبائی میں کل اضافہ 'x'	ترتیب میں سپرنگ کونسٹنٹ 'k'
	x $L = kx$ $\Rightarrow x = \frac{L}{k}$	$K_{eff.} = k$

www.ilmkidunya.com

$\frac{1}{ke_{ff.}}=\frac{1}{k}+\frac{1}{k}=\frac{2}{k}$ $Keff.=\frac{k}{2}$	$L=kx_1=kx_2$ $x_1=x_2=\frac{L}{k}$ $2x=\frac{L}{k}$ $x=\frac{L}{2k}$	

6.2 سپرنگ لوہے کی بجائے سٹیل سے بنائے جاتے ہیں۔ کیوں؟

جواب: سپرنگ لوہے کے بجائے اسٹیل سے بنے ہوتے ہیں کیونکہ سٹیل میں لوہے سے زیادہ لچکدار ہوتی ہے، جس کا مطلب ہے کہ یہ مستقل طور پر بگڑے بغیر زیادہ سٹریس اور شکل میں بگڑاؤ برداشت کرسکتا ہے۔

6.3 کون سا میٹریل زیادہ لچک دار ہے؟ (i) لوہا یا ربڑ (ii) ہوا یا پانی

جواب: (i) لوہا، ربڑ سے زیادہ لچک دار ہے کیونکہ لوہے کا لچک (Elasticity) کا کونسٹنٹ زیادہ ہوتا ہے۔

(ii) ہوا پانی سے زیادہ لچکدار ہے کیونکہ ہوا کو پریشر لگانے سے دبا دیا جاسکتا ہے اور پریشر کم ہونے پر جلد واپس اصل حالت میں آجاتی ہے۔

6.4 کسی نہانے والے تالاب کی سطح سے ایک میٹر گہرائی میں پانی کے پریشر کا موازنہ کسی بڑی اور گہری جھیل کی سطح سے ایک میٹر گہرائی میں پانی کے پریشر سے کیسے کریں گے؟

جواب: نہانے والے تالاب اور ایک بہت بڑی اور گہری جھیل کی سطح سے ایک میٹر نیچے پانی کا پریشر ایک جیسا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پانی کا پریشر صرف گہرائی پر منحصر ہے، پانی کے حجم یا سائز پر نہیں۔


6.5 اگر کسی بند مائع کے ایک حصّے میں پریشر بڑھایا جائے تو اس کے دوسرے تمام حصّوں کے پریشر پر کیا اثر پڑے گا؟ اپنی روزمرہ زندگی سے کوئی ایک ایسی مثال دیں جہاں اس اصول کا اطلاق ہوتا ہے۔

جواب: پاسکل کے قانون کے مطابق اگر کسی بند مائع کے ایک حصّے میں پریشر بڑھایا جائے تو مائع کے تمام حصوں میں پریشر یکساں طور پر بڑھے گا۔

مثال: گاڑیوں میں ہائیڈرولک بریک، جہاں بریک پیڈل پر لگنے والا پریشر چاروں بریکوں پر یکساں طور پر منتقل ہوتا ہے۔

6.6 اگر بیرومیٹر کے مرکری کالم کے اوپر کچھ ہوا موجود رہ جائے جہاں سمجھا جاتا ہے کہ خلا ہوگا تو یہ مرکری کالم کی اونچائی پر کیا اثر ڈالے گی؟

جواب: بیرومیٹر میں پھنسی ہوا مرکری کے کالم کی اونچائی کو کم کرے گی کیونکہ ہوا پریشر ڈالے گی اور مرکری کے وزن کی مخالفت کرے گی۔



6.7 جب کوئی زرافہ ایک دم اپنی گردن اٹھائے تو اس کی لمبی گردن کی وجہ سے اُسے کیسے کوئی مشکل پیش نہیں آتی؟

جواب: زرافے کی لمبی گردن کی خون کی نالیوں میں موٹی دیواریں ہوتی ہیں، اور اس کے علاوہ زرافے میں ایک خاص سرکولیٹری سسٹم موجود ہوتا ہے جو گردن کے اچانک بلند ہونے پر بھی دماغ کے بلڈ پریشر کو برقرار رکھتا ہے۔

6.8 ایک سادہ بیرومیٹر کے لیے استعمال کی گئی شیشے کی ٹیوب کا سرا اچھی طرح سے بند (Sealed) نہیں ہوا اور کچھ ہوا موجود ہے۔ اس کا کیا اثر ہوگا؟

جواب: اچھی طرح بند نہ ہونے سے فضائی پریشر کو بیرومیٹر ٹیوب میں داخل ہونے کا موقع ملے گا، جس سے مرکری کا کالم صفر تک گر جائے گا، جس کی

www.ilmkidunya.com

وجود کے ٹیوب کے اندر اور باہر پریشر برابر ہو جائے گا۔

6.9 اس بیان پر تبصرہ کریں۔ ''ڈینسٹی کسی میٹریل کی خصوصیت ہے نہ کہ اس میٹریل سے بنائی گئی کسی شے کی''۔

جواب: ڈینسٹی کسی میٹریل کی خصوصیت ہے نہ کہ اس میٹریل سے بنائی گئی کسی شے کی یعنی ڈینسٹی کا انحصار کسی شے کے ماس اور والیوم پر ہوتا ہے نہ کہ اُس شے کے سائز اور شکل پر۔

6.10 کوئی انجینئر ایک بڑے تعمیری ڈھانچے کے وزن کا تخمینہ کیسے لگاتا ہے؟

جواب: انجینئر مختلف طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے بڑے ڈھانچے کے وزن کا تخمینہ لگاتے ہیں، بشمول فائنائٹ ایلیمنٹ انالیسس (EFA)، جس میں ساخت کو چھوٹے عناصر میں تقسیم کرنا اور ہر عنصر پر عمل کرنے والی فورس کا تجزیہ کرنا شامل ہے۔ وہ مادی خصوصیات، سٹرکچرل ڈیزائن اور متوقع وزن (جیسے ہوا، برف، جگہ کا گھیرنا) پر بھی غور کرتے ہیں۔

4- تفصیلی سوالات

6.1 ہُک کا قانون بیان کریں؟ اس قانون کے تین اطلاقات تحریر کیجیے۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 2، 3

6.2 سادہ مرکری بیرومیٹر اور مینومیٹر کے استعمال کا طریقہ کار بیان کریں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 8، 9

6.3 پاسکل کا قانون بیان کریں۔ اس کے اطلاقات مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 10

6.4 کسی برتن میں مائع کا پریشر کن عوام پر منحصر ہوتا ہے؟ یہ کیسے معلوم کیا جاتا ہے؟

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 6

6.5 وضاحت کریں کہ فضا پریشر ڈالتی ہے۔ اس کے کیا اطلاقات ہیں؟ کم از کم تین مثالیں دیں۔

جواب: جواب کے لیے دیکھیے سوال نمبر 7

حسابی سوالات

6.1 40 نیوٹن وزن سے ایک سپرنگ 20 ملی میٹر کھینچ جاتا ہے۔ اس کا سپرنگ کونسٹنٹ معلوم کریں۔ اگر ایک جسم اسی سپرنگ میں 16 ملی میٹر کھینچاؤ پیدا کرے تو اس جسم کا وزن کیا ہوگا؟

معلوم:

$F = 40\ N$

$x = 20\ mm$

$x = 20 \times 10^{-3}\ m$

$x = 2 \times 10 \times 10^{-3}$

$x = 2 \times 10^{-2}\ m$

مطلوب: $k = ?$ ، وزن $= w = ?$

حل: فارمولا استعمال کرنے سے

$$k = \frac{F}{x}$$

www.ilmkidunya.com

$$k = \frac{40N}{0.02m}$$ دی گئی قیمتیں درج کرنے سے

$$k = 2000\ Nm^{-1} = 2k\ Nm^{-1}$$

اب ہم وزن معلوم کریں گے جو کہ فورس کے برابر ہے۔

$x = 16mm = 0.016\ m$

$k = 2000\ N/m$

وزن $= F = ?$

حل فارمولا استعمال کرنے سے $F = kx$

اوپر دی گئی قیمتیں درج کرنے سے

$$F = (2000)\ (0.016)$$

$$F = 32\ N$$

جواب: سپرنگ کونسٹنٹ $2kNm^{-1}$ ہے

جسم کا وزن 32N ہے۔

6.2 5 لیٹر دودھ کا ماس 4.5kg ہے۔ اس کی ڈینسٹی SI یونٹس میں معلوم کریں۔

معلوم:

ماس $= m = 4.5\ kg$

والیوم $= V = 5\ L = 5 \times 10^{-3}\ m^3 \because (1\ L = 10^{-3}\ m^3)$

$$V = \frac{5}{10^3} m^3 = \frac{5}{1000} m^3$$

والیوم $= V = 0.005 m^3$

مطلوب:

ڈینسٹی $= \rho = ?$

حل: فارمولا

$$\text{ڈینسٹی} = \rho = \frac{\text{ماس}}{\text{والیوم}}$$

$$\rho = \frac{4.5kg}{5 \times 10^{-3} m^{-3}}$$

$$\rho = 0.9 \times 10^3\ kgm^{-3}$$

جواب: اس کی ڈینسٹی $0.9 \times 10^3\ kgm^{-3}$ ہے۔

6.3 60 گرام کی ایک ٹھوس شے کو جب پیمائش سلنڈر کے اندر ڈبویا گیا تو پانی کی سطح $40cm^3$ سے بڑھ کر $44\ cm^3$ پر چلی گئی۔ ٹھوس شے کی ڈینسٹی معلوم کریں۔

معلوم:

ٹھوس کا ماس $= 60\ g = \frac{60}{1000} kg = 0.06kg$

پانی کا ابتدائی لیول $= 40\ cm^3$

www.ilmkidunya.com

پانی کا آخری لیول $= 44\ cm^3$

ٹھوس کا والیوم = آخری لیول − ابتدائی لیول $= 44 - 40 = 4cm^3 = 4 \times (0.01m)^3 = 4 \times 10^{-6} m^3$

مطلوب: ڈینسٹی $= \rho$ $= ?$

حل: فارمولا

$$\rho = \frac{\text{ماس}}{\text{والیوم}}$$

$$\rho = \frac{0.06kg}{4 \times 10^{-6} m^3}$$

$$\rho = 15 \times 10^3\ kgm^{-3}$$

جواب: ٹھوس کی ڈینسٹی $15 \times 10^3\ kgm^{-3}$ ہے

6.4 ایک بلاک کی ڈینسٹی $8 \times 10^3\ kgm^{-3}$ اور حجم $60\ cm^3$ ہے۔اس کا ماس معلوم کریں۔

معلوم:

ڈینسٹی $(\rho) = 8 \times 10^3\ kgm^{-3}$

والیوم $(V) = 60cm^3 = 60 \times (0.01m)^3 = 60 \times 10^{-6}\ m^3 = 6 \times 10^{-5}\ m^6$

مطلوب: ماس $= ?$

حل: فارمولا

$$\text{ڈینسٹی} = \frac{\text{ماس}}{\text{والیوم}}$$

$$\text{ماس} = \text{ڈینسٹی} \times \text{والیوم}$$

$$\text{ماس} = (8 \times 10^3) \times (6 \times 10^{-5})$$

$$\text{ماس} = (48 \times 10^{-2}) = 0.48\ kg$$

جواب: بلاک کی ڈینسٹی $0.48\ kg$ ہے۔

6.5 ایک اینٹ کی پیمائش $5\ cm \times 10\ cm \times 20cm$ ہے۔اگر اس کا ماس $5\ kg$ ہو تو زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم پریشر معلوم کریں جو اینٹ ایک افقی سطح پر ڈال سکتی ہے۔

معلوم:

والیوم $V = 50m \times 10\ cm \times 20\ cm$

اینٹ کا ماس $(m) = 5\ kg$

گریوی ٹیشنل ایکسلریشن $(g) = 10\ ms^{-2}$

مطلوب: کم سے کم پریشر $= ?$

حل:

فورس = ماس × گریوی ٹیشنل ایکسلریشن

$$F = 5\ kg \times 10ms^{-2} = 50\ N$$

پہلا رقبہ $= A_1 = 5\ cm \times 10cm = 50cm^2 = 50 \times 10^{-4}\ m^2$ $(\because 1cm = 10^{-2}\ m)$

www.ilmkidunya.com

دوسرا رقبہ $= A_2 = 10 \times 200 cm^2 = 200 \times 10^{-4} m^2$

اب ہر رقبہ کے لیے پریشر کی قیمت معلوم کریں گے فارمولا استعمال کرنے سے

$$\text{پریشر } (P) = \frac{\text{فورس } (F)}{\text{رقبہ } (A)}$$

$$P = \frac{50N}{50 \times 10^{-4} m^2}$$

$$\boxed{P_1 = 1 \times 10^4 Pa}$$

$$P_3 = \frac{50N}{200 \times 10^{-4} m^2} = 2500\, Pa$$

$$\boxed{P_2 = 25 \times 10^2 Pa}$$

جواب: زیادہ سے زیادہ پریشر $= 10000Pa = 1 \times 10^4 Pa$

کم سے کم پریشر $= 10000Pa = 25 \times 10^2 Pa$

6.6 بیرومیٹر میں سطح سمندر کے پریشر پر پانی کے کالم کی اونچائی کتنی ہوگی اگر مرکری کی بجائے پانی استعمال کیا جائے، جبکہ پانی کی ڈینسٹی $1000\, kgm^{-3}$ اور مرکری کی ڈینسٹی $13.6 \times 10^3\, kgm^{-3}$ ہو۔

معلوم:

مرکری کی ڈینسٹی $= \rho_{Hg} = 13.6 \times 10^3\, kg\, m^{-3}$

پانی کی ڈینسٹی $= \rho_{water} = 1 \times 10^3\, kgm^{-3}$

گریویٹیشنل ایکسلریشن $= g = 10\, ms^{-2}$

مطلوب: $h_{water} = ?$ مرکری کی اونچائی $= h_{Hg} = 0.76\, m$

حل: چونکہ فضا میں سطح سمندر کا پریشر بیرومیٹر میں مرکری کالم کے پریشر کو بیلنس کرتا ہے۔

لہٰذا $\rho_{Hg}\, g h_{Hg} = \rho_{water}\, g h_{water} \quad (\because P = \rho gh)$

$$h_{water} = \frac{\rho_{Hg} \cancel{g} h_{Hg}}{\rho_{water} \cancel{g}}$$

$$h_{water} = \frac{\rho_{Hg} h_{Hg}}{\rho_{water}}$$

$$h_{water} = \frac{13.6 \times \cancel{10^3} \times 0.76}{1 \times \cancel{10^3}}$$

چونکہ مرکری کالم کی بلندی 0.76 میٹر ہے

$h_{water} = 13.6 \times 0.76m = 10.3\, m$

جواب: بیرومیٹر میں اگر مرکری کی بجائے پانی کا استعمال کیا جائے تو بیرومیٹر میں سطح سمندر کے پریشر پر پانی کے کالم کی اونچائی 10.3 میٹر ہونی چاہیے۔

6.7 فرض کریں کہ ایک کار کے ہائڈرالک بریک سسٹم میں $5\, cm^2$ عرضی رقبہ کے پسٹن پر 500 N کی فورس عموداً لگائی جاتی ہے۔ بریک آئل میں کتنا پریشر منتقل ہوگا؟ ایک دوسرے پسٹن پر جس کا عرضی رقبہ $20\, cm^2$ ہو کتنی فورس عمل کرے گی؟

معلوم: $F_1 = 500\, N$

www.ilmkidunya.com

$A_1 = 5\ cm^2 = 5 \times 10^{-4}\ m^2$

$A_2 = 20\ cm^2 = 20 \times 10^{-4}\ m^2$

مطلوب: پریشر (بریک آئل کو منتقل کیا جانے والا پریشر) = ؟

فورس (بڑے پسٹن پر لگنے والی فورس) = ؟

حل: فارمولا استعمال کرنے سے

پہلے پسٹن کے لیے:

$$P = \frac{F}{A}$$

$$P = \frac{F_1}{F_1} = \frac{500N}{5\times10^{-4}\,m^2} = 1.0\times10^{6}\,Pa$$

$$\boxed{P = 1 \times 10^6\ Nm^{-2}}$$

بڑے پسٹن پر لگنے والی فورس:

F = پریشر $\times A_2$

$F = 1 \times 10^6\ Nm^{-2} \times 20 \times 10^{-4}\ m^2$

$$\boxed{F = 2000\ N}$$

جواب: بریک آئل پر $1 \times 10^6\ Nm^{-2}$ پریشر لگے گا اور دوسرے پسٹن پر 2000 N فورس لگے گی۔

6.8 گہرے سمندر میں 10 m کی گہرائی پر ایک غوطہ خور پر کتنا پریشر ہوگا جب کہ وہاں پر سمندر کے پانی کی ڈینسٹی $1030\ kg\ m^3$ ہو۔

معلوم:

$h = 10\ m$

$\rho = 1030\ kg\ m^{-3}$

$g = 10\ ms^{-2}$

$P = ?$

مطلوب:

حل: فارمولا

$P = \rho gh$

$P = (1030\ kgm^{-3})\ (10ms^{-2})\ (10m)$

$P = 1.03 \times 10^5\ Nm^{-2}$

جواب: 10 میٹر کی گہرائی میں غوطہ خور پر لگنے والا پریشر $1.03 \times 10^5\ Nm^{-2}$ ہو

6.9 ایک ہائڈرالک پریس کے چھوٹے اور بڑے پسٹنز کے عرضی رقبے بالترتیب $10cm^2$ اور $100cm^2$ ہیں۔ چھوٹے پسٹن پر کتنی فورس لگائی جائے کہ 4000N وزنی کار کو اٹھایا جا سکے؟

معلوم:

$A_1 = 10\ cm^2 = 10 \times 10^{-4}\ m^2$

$A_2 = 100\ cm^2 = 100 \times 10^{-4}\ m^2$

$F_2 = 4000\ N$

$F_1 = ?$

مطلوب:

حل: فارمولا

$$\frac{F_1}{A_1} = \frac{F_2}{A_2}$$

www.ilmkidunya.com

$$F_1 = \frac{F_2 \times A_1}{A_2}$$

$$F_1 = \frac{4000\,N \times 10 \times 10^{-4}\,m^2}{100 \times 10^{-4}\,m^2}$$

$$F_1 = 400\ N$$

جواب: وزنی کار کو اُٹھانے کے لیے چھوٹے پسٹن پر 400 N فورس لگے گی۔

6.10 ایک گرم ہوا والے غبارے میں مندرجہ ذیل ڈیٹا ریکارڈ کیا گیا۔ بلندی اور پریشر کے درمیان ایک گراف کھینچیں اور معلوم کریں:

(i) سطح سمندر پر ہوا کا پریشر کتنا ہوگا؟ (ii) کتنی بلندی پر ہوا کا پریشر 90 kPa ہو جائے گا؟


بلندی (m)	پریشر (kPa)
150	99.5
500	95.7
800	92.4
1140	88.9
1300	87.2
1500	85.3

حل: (a) سطح سمندر پر ہوا کا پریشر معلوم کرنے کے لیے (بلندی = 0m):

(a) گراف میں y-انٹرسیپٹ سطح سمندر پر پریشر کو ظاہر کرتا ہے جو کہ

$$101\ k\,Pa = 1.01 \times 10^{2}\ k\,Pa = 1.01 \times 10^{5}\ Pa$$

(b) جس بلندی پر ہوا کا پریشر 90 kPa ہے معلوم کریں گے۔ y- محور کے ساتھ 90 kPa پر ایک افقی خط کھینچیں۔ وہ نقطہ جہاں خط محور کو قطع کرتا ہے وہ بلندی 1020 m = 1.02 km ہے۔



www.ilmkidunya.com

6.11 اگر ایک ہائڈرالک پریس میں مزید $10\ N\ cm^{-2}$ پریشر بڑھا دیا جائے تو آؤٹ پٹ پلیٹ فارم کتنا اضافی وزن اٹھالے گا، جبکہ اس کا عرضی رقبہ $50cm^2$ ہے؟

معلوم:

$P = 10\ Ncm^{-2}$

$A = 50\ cm^{-2}$

مطلوب: اضافی وزن $F = ?$

حل: جیسا کہ ہم جانتے ہیں۔

$$F = P \times A$$

$$\boxed{F = 10\ N\ cm^{-2} \times 50cm^2 = 500\ N}$$

جواب: آؤٹ پٹ پلیٹ فارم 500 N اضافی وزن اُٹھائے گا۔

6.12 ایک کار کے ہائڈرالک بریک سسٹم کے پسٹن پر 500 N کی فورس عمل کر رہی ہے۔ اگر پسٹن کا ایریا آف کراس سیکشن $5\ cm^2$ ہو تو معلوم کریں:

(i) بریک آئل پر کتنا پریشر منتقل ہوگا؟

(ii) بریک پسٹن پر کتنی فورس عمل کرے گی اگر اس کے پسٹن کا ایریا آف کراس سیکشن $20cm^2$ ہو؟

معلوم:

$F_1 = 500\ N$

$A_1 = 5\ cm^2 = 5 \times 10^{-4}\ m^2$

$A_2 = 20\ cm^2 = 20 \times 10^{-4}\ m^2$

مطلوب: (a) $P = ?$ (b) $F_2 = ?$

حل: فارمولا استعمال کرنے سے۔ $P = F_1 / A_1$

$$P = \frac{500N}{5 \times 10^{-4} m^2} = 1 \times 10^6\ Nm^{-2}$$

$$\boxed{P_1 = 1 \times 10^6\ Nm^{-2}}$$

(b) $F_2 = P \times A_2$

$$F_2 = (1 \times 10^6\ Nm^{-2}) \times (20 \times 10^{-4}\ m^{-2}) = 2000\ N$$

جواب: (i) بریک آئل پر $1 \times 10^6\ Nm^{-2}$ پریشر منتقل ہوگا۔

(ii) بریک پسٹن پر 2000 N کی فوس عمل کرے گی۔

مثالیں

مثال 6.1: ایک لوہے کے بلاک کی لمبائی، چوڑائی اور موٹائی بالترتیب 3cm، 2cm اور 2cm ہے۔ اگر بلاک کا ماس 94g ہو تو لوہے کی ڈینسٹی معلوم کریں۔

معلوم:

لمبائی، $= 3\ cm$ چوڑائی $= 2\ cm$

موٹائی، $= 2\ cm$ ماس $= 94\ g$

مطلوب: ڈینسٹی $= ?$

www.ilmkidunya.com

معلوم:

$$\text{ڈینسٹی} = \frac{\text{ماس}}{\text{والیوم}}$$

جبکہ

$$\text{والیوم} = \text{موٹائی} \times \text{چوڑائی} \times \text{لمبائی}$$

$$\text{والیوم} = 3cm \times 2cm \times 2cm = 12cm^3$$

لہٰذا

$$= \frac{94g}{12cm^3} = 7.8gcm^{-3}$$

$$\boxed{\text{لوہے کی ڈینسٹی} = 7800kg\ m^{-3}}$$ Ans:

مثال 6.2: 76cm بلند مرکری کالم کا پریشر معلوم کریں۔ مرکری کی کثافت $13.3 \times 10^{-3}\ kg\ m^{-3}$ ہے۔

معلوم:

$$\rho = 13.6 \times 10^3\ kg\ m^{-3}$$

$$h = 76\ cm = 76 \times 10^{-2}\ m$$

$$g = 10 ms^{-2}$$

مطلوب:

$$\text{پریشر} = P = ?$$

$$\text{پریشر} = \rho gh$$

$$P = (13.6 \times 10^{-3}\ kg\ m^{-3}) \times (10\ m\ s^{-2}) \times (76 \times 10^{-2} m)$$

$$P = 1.034 \times 10^5\ kg\ m^{-3}) \times m\ s^{-2} \times m$$

$$P = 1.034 \times 10^5\ N\ m^{-2}$$

$$P = 1.034 \times 10^5\ Pa$$

مثال 6.3: 2 میٹر گہرا ایک سلنڈر نما ٹینک 20 میٹر بلند بلڈنگ کی چھت پر بنایا گیا ہے۔ جب ٹینک پورا بھرا ہوا ہو تو گراؤنڈ فلور پر کتنا پریشر ہوگا؟ پانی کی کثافت $1000\ kg\ m^{-3}$ ہے۔ g کی قیمت $10\ m\ s^{-2}$ ہے۔

معلوم:

$$\text{بلندی} = h = 2 + 20 = 22\ m$$

$$\text{ڈینسٹی}\ \rho = 1000\ kg\ m^{-3}$$

$$g = 10\ ms^{-2}$$

مطلوب:

$$\text{پریشر} = P = ?$$

حل:

$$P = \rho gh = (22m) \times (1000\ kg\ m^{-3}) \times (10\ ms^{-2})$$

$$P = 220000\ Pa = 2.2 \times 10^5\ Pa$$

مثال 6.4: ایک ہائڈرالک پریس کے پسٹنوں کے ڈایامیٹر 5 cm اور 25 cm ہیں۔ چھوٹے پسٹن پر 160 N کی ایک فورس عموداً لگائی گئی ہے، اس فورس کا پیدا کردہ پریشر بڑے پسٹن پر کتنا ہوگا؟ دوسرا پسٹن کتنا وزن اُٹھا سکتا ہے؟

معلوم: فرض کریں پسٹنوں کے عرضی رقبے A_1 اور A_2 ہیں اور ان کے ریڈیس بالترتیب r_1 اور r_2 ہیں۔

دی گئی قیمتیں درج کرنے سے،

$$r_1 = \frac{5}{2} cm = 2.5 \times 10^{-2} m, r_2 = \frac{25}{2} cm = 12.5 \times 10^{-2} m$$

چونکہ

$$A_1 = \pi r_1^2 \quad \text{اور} \quad A_2 = \pi r_2^2$$

چھوٹے پسٹن پر فورس: $F_1 = 160\ N$ اور اس کا پیدا کردہ پسٹن پر پریشر ہوگا۔

$$P = \frac{F_1}{A_1} = \frac{F_1}{\pi r_1^2}$$

اگر بڑا پسٹن w وزن اُٹھاتا ہے تو پاسکل کے قانون کے مطابق:

www.ilmkidunya.com

$$\frac{F_1}{A_1} = \frac{w}{A_2}$$

$$w = \frac{F_1 A_2}{A_1} = \frac{F_1 \pi r_2^2}{\pi r_1^2} = \frac{F_1 \times r_2^2}{r_1^2}$$

یا

قیمتیں درج کرنے سے

$$w = 160\ N \times (12.5 \times 10^{-2}\ m)^2 / (2.5 \times 10^{-2}\ m)^2 = 4000\ N = 4kN$$

لہٰذا چھوٹے پسٹن پر 160 N کی فورس لگا کر ہم 4000 N کا وزن اُٹھا سکتے ہیں۔

کثیر الانتخابی معروضی سوالات

درست جواب کا انتخاب کریں۔

-1 ایک فضائی پریشر (1atm) کتنے کلو پاسکل کے برابر ہوتا ہے؟

(الف) 10.13 kPa (ب) 101.3 kPa (ج) 1013 kPa (د) 1.013 kPa

-2 ایک فضائی پریشر کتنے ملی بار مرکری کے برابر ہے؟

(الف) 760mmHg (ب) 76mmHg (ج) 7.6mmHg (د) 7600mmHg

-3 مینومیٹر کس چیز کی پیمائش کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

(الف) ٹمپریچر (ب) پریشر (ج) نمی (د) ولاسٹی

-4 ان میں سے کسی جگہ ہک کا قانون استعمال نہیں ہوتا؟

(الف) سسپنشن سسٹم میں (ب) گیلوانومیٹر میں

(ج) مائیکروسکوپ میں (د) دروازے کے قالابے میں

-5 ڈینسٹی کیا ہے؟

(الف) ماس فی یونٹ والیوم (ب) والیوم فی یونٹ ماس (ج) ایریافی یونٹ ماس (د) ایریافی یونٹ ٹائم

-6 ان میں سے سب سے زیادہ ڈینسٹی کس کی ہے؟

(الف) پانی (ب) تیل (ج) ہوا (د) مرکری

-7 پریشر کی پیمائش کے لیے مینومیٹر میں کسی قسم کا مائع استعمال ہوتا ہے؟

(الف) پانی (ب) مرکری (ج) تیل (د) شراب

-8 ایک ہائیڈرولک سسٹم میں اگر $0.5m^2$ کے رقبے والے پسٹن پر 100 N کی فورس لگائی جاتی ہے تو مائع پر کیا پریشر ڈالا جاتا ہے؟

(الف) 100Pa (ب) 200Pa (ج) 50Pa (د) $200Nm^{-2}$

-9 ہائیڈرولک بریک سسٹم کی حفاظتی خصوصیت یہ ہیں۔

(الف) ناکام محفوظ طریقہ کار (ب) بے کار نظام (ج) پریشر ریگولیٹر (د) مذکورہ تمام

www.ilmkidunya.com

-10 ایک 50N فورس ایک سپرنگ کو 0.1 m تک کھینچتا ہے اس میں سپرنگ کونسٹنٹ کیا ہے؟

(الف) 100N/m (ب) 500N/m (ج) 1000N/m (د) 5000 N/m

-11 ان میں سے کونسا آلہ ہک کے قانون میں وزن کی پیمائش کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

(الف) بیلنس (ب) سپرنگ سکیل (ج) تھرمامیٹر (د) بیرومیٹر

-12 ہک کا قانون ان میں سے کسی جگہ استعمال ہوتا ہے؟

(الف) مکینیکل گھڑیاں (ب) الیکٹریکل سرکٹ (ج) ہائیڈرولک سسٹم (د) مذکورہ تمام

-13 مندرجہ ذیل میں کونسی ٹھوس کے بگاڑ کا سبب بنتی ہے؟

(الف) ٹمپریچر کی تبدیلی (ب) بیرونی فورس (ج) ڈینسٹی میں تبدیلی (د) مزکورہ تمام

-14 ہک کا قانون کیا ہے؟

(الف) $F = mv$ (ب) $F = Kx$ (ج) $E = mc$ (د) $P = IV$

-15 سپرنگ کونسٹنٹ (K) کا یونٹ کیا ہے؟

(الف) N/m (ب) kg/m (ج) m/N (د) Ns/m

-16 جب فورس چھوٹے ایریا پر لگتی تب پریشر کیا ہوتا ہے؟

(الف) کم ہوتا ہے (ب) زیادہ ہوتا ہے (ج) ایک جیسا رہتا ہے (د) صفر ہو جاتا ہے

-17 پریشر کے لیے کیا فارمولا ہے؟

(الف) $P = F / A$ (ب) $P = F \times A$ (ج) $P = F \div A$ (د) $P = F - A$

-18 چوپر بلیڈ کے کنارے اتنے تیز کیوں ہوتے ہیں؟

(الف) پریشر کم کرنے کے لیے (ب) پریشر زیادہ کرنے کے لیے

(ج) فورس کی سمت تبدیل کرنے کے لیے (ج) فورس کو کم کرنے کے لیے

-19 ڈینسٹی کا یونٹ کیا ہے؟

(الف) kg/m^3 (ب) g/cm^3 (ج) kg / L (د) مزکورہ تمام

-20 ہوا کی ڈینسٹی کیا ہے؟

(الف) $1.8\ kgm^{-3}$ (ب) $3.6\ kgm^{-3}$ (ج) $1.3\ kgm^{-3}$ (د) $2.7\ kgm^{-3}$

-21 پانی کی ڈینسٹی کیا ہے؟

(الف) $800\ kgm^{-3}$ (ب) $1000\ kgm^{-3}$ (ج) $2400\ kgm^{-3}$ (د) $2000\ kgm^{-3}$

-22 کونسا آلہ فضائی پریشر کی پیمائش کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

(الف) تھرمامیٹر (ب) بیرومیٹر (ج) ہائیڈرومیٹر (د) ایم میٹر

-23 سطح سمندر کے مقابلے میں ماؤنٹ ایورسٹ کی اونچائی پر فضائی پریشر کا ہوتا ہے؟

(الف) سطح سمندر سے زیادہ (ب) سطح سمندر کے برابر (ج) سطح سمندر سے کم (د) یہ کونسٹنٹ رہتا ہے

www.ilmkidunya.com

-24 کسی جگہ پر فضائی پریشر اظہار کرتا ہے:

(الف) ٹمپریچر (ب) بلندی (ج) ٹمپریچر اور بلندی (د) نمی پہ صرف

-25 اگر دھات کے بلاک کو دو برابر حصوں میں کاٹ دیا جائے تو ہر حصے کی ڈینسٹی کیا ہوگی؟

(الف) ڈینسٹی بڑھ جائے گی (ب) کم ہو جائے گی (ج) ایک جیسی رہے گی (د) صفر ہوگی

-26 مائع میں دیئے گئے نقطے پر دباؤ 500Pa ہے اور مائع کی ڈینسٹی $1200kgm^{-3}$ سیال کی گہرائی کیا ہے؟

(الف) 8.24 cm (ب) 19.24 cm (ج) 4.24 cm (د) 9.24 cm

-27 ایک بیرومیٹر میں مرکری کی اونچائی کا کیا ہوتا ہے جب پریشر بڑھتا ہے۔

(الف) مرکری کی سطح بڑھ جاتی ہے (ب) مرکری کی سطح گر جاتی ہے

(ج) مرکری کی سطح غیر منقطع ہو جاتی ہے (د) مرکری کی سطح میں بے ترتیب اتار چڑھاؤ آتا ہے

-28 موٹر ٹائر میں پریشر ہوتا ہے؟

(الف) $2 \times 10^5 Pa$ (ب) $2 \times 10^{11} Pa$ (ج) $4 \times 10^4 Pa$ (د) $7 \times 10^2 Pa$

-29 عام طور پر ہائیڈرولک بریک میں کتنا پریشر ہوتا ہے؟

(الف) 100Pa (ب) 1,000Pa (ج) 100kPa (د) 1000,000kPa

-30 ان میں سے کونسا ہائیڈرولک بریک کا جزو ہے؟

(الف) پسٹن (ب) بریک پیڈ (ج) فیول ٹینک (د) سپارک پلگ

-31 مینومیٹر کے کام کرنے میں کونسا اصول استعمال ہوتا ہے؟

(الف) نیوٹن کا قانون (ب) بیمولی کا قانون (ج) پاسکل کا قانون (د) بوائل کا قانون

-32 مینومیٹر میں کس طرح کا مائع استعمال ہوتا ہیں؟

(الف) پانی (ب) مرکری (ج) تیل (د) مزکورہ تمام

-33 ایک کھلے مینومیٹر میں گیس کے پریشر کی پیائش کے لیے کس کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے۔

(الف) فضائی پریشر (ب) مطلق صفر

(ج) گریوی ٹیشنل فورس (د) گیس کے بہاؤ کی شرح

-34 ان میں سے کونسی ہائیڈرولک بریک کی عملی مثال ہے؟

(الف) مرمت کے لیے گاڑی کو اٹھانا (ب) ٹائروں میں ہوا بھرنا

(ج) پانی کو پمپ کرنا (د) ڈیم میں بجلی

-35 ان میں سے کس قسم کا مادہ ہک کا قانون پر اطلاق نہیں کرتا؟

(الف) ربڑ (ب) سٹیل (ج) گلاس (د) کنکریٹ

-36 ان میں سے کون سا آلہ پاسکل کے قانون پر کام کرتا ہے؟

(الف) ہائیڈرولک پریشر (ب) بائیسکلک پمپ (ج) وینٹوری میٹر (د) تھم میٹر

www.ilmkidunya.com

-37 پاسکل کے قانون میں پریشر کے لیے کونسا فارمولا لگتا ہے؟

(الف) $P=\frac{F}{A}$ (ب) $P=\frac{V}{T}$ (ج) P = mg (د) $P=\frac{A}{F}$

-38 ان میں سے کون ہائیڈرولک بریک سسٹم پر کام کرتا ہے؟

(الف) برنولی کا اصول (ب) پاسکل کا قانون (ج) اریشمدیس کا قانون (د) نیوٹن کا قانون

-39 مائع میں پریشر برابر ہے؟

(الف) hPhg (ب) ρgh (ج) $\frac{\rho}{hg}$ (د) $\frac{\rho}{d}$

-40 فضائی پریشر کی پیمائش کے لیے کونسا یونٹ استعمال ہوتا ہے؟

(الف) جول (ب) پاسکل (ج) واٹ (د) کلوگرام

-41 سطح سمندر پر اوسط فضائی پریشر کیا ہے؟

(الف) 1010 ملی بار (ب) 1013.25 ملی بار (ج) 1000 ملی بار (د) 900 ملی بار

جوابات

1	(ب)	2	(الف)	3	(ب)	4	(ج)	5	(الف)	6	(د)	7	(ب)
8	(ب)	9	(د)	10	(ب)	11	(ب)	12	(الف)	13	(د)	14	(ب)
15	(الف)	16	(ب)	17	(الف)	18	(ب)	19	(د)	20	(ج)	21	(ب)
22	(ب)	23	(ج)	24	(ج)	25	(ج)	26	(ج)	27	(الف)	28	(الف)
29	(ج)	30	(الف)	31	(ج)	32	(ب)	33	(الف)	34	(الف)	35	(الف)
36	(الف)	37	(الف)	38	(ب)	39	(ب)	40	(ب)	41	(ب)		

کثیر الانتخابی مختصر سوالات

مختصر سوالات کے جواب دیں۔

-1 مادے کی تین اہم حالتیں کیا ہیں؟

جواب: ٹھوس، مائع اور گیس حالتیں۔ یہ حالتیں ان کشش کی فورسز کی وجہ سے ہیں جو ایٹموں اور مالیکیولز کے درمیان موجود ہیں۔

-2 مادے کی مختلف حالتوں کے وجود کی بنیادی وجہ کیا ہے؟

جواب: مادے کی مختلف حالتوں کے وجود کی بنیادی وجہ ایٹموں اور مالیکیولز کے درمیان موجود کشش کی فورسز ہیں۔

-3 ایک مثال کے ساتھ ڈی فارمنگ فورس کی وضاحت کریں۔

جواب: شے پر لگائی جانے والی بیرونی فورس اس کا سائز یا شکل بدل سکتی ہے۔ ایسی فورس کو ڈی فارمنگ فورس کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، ایک سپرنگ پر لگائی جانے والی مناسب فورس اس کی لمبائی کو بڑھا سکتی ہے جسے ایکسٹینشن کہا جاتا ہے یا کمپریشن کا سبب بنتا ہے اس طرح اس کی لمبائی کم ہوتی ہے۔ اگر فورس کو ہٹا دیا جاتا ہے، تو سپرنگ اپنے اصل سائز اور شکل میں بحال ہو جائے گا۔

www.ilmkidunya.com

4- لچک کی وضاحت کریں؟

جواب: کسی چیز کو لچکدار کہا جاتا ہے، اگر ڈی فارمنگ فورس کو ہٹانے کے بعد وہ اپنے اصل سائز اور شکل میں بحال ہو جاتی ہے۔ مواد کو اس خاصیت کو لچک کہا جاتا ہے۔

5- غیر لچکدار اشیاء کیا ہیں؟

جواب: کچھ اشیاء جیسے چکنی مٹی ڈی فارمنگ فورس کو ہٹانے کے بعد اپنی اصل شکل میں واپس نہیں آتے ہیں۔ وہ غیر لچکدار مواد کے طور پر جانے جاتے ہے۔

6- ٹھوس کی ڈی فارمیشن سے کیا مراد ہے؟

جواب: ٹھوس کی ڈی فارمیشن سے مراد جب کوئی بیرونی فورس کسی ٹھوس چیز پر لگتی ہے تو ٹھوس چیز کی شکل یا سائز میں تبدیلی آجاتی ہے اسے ٹھوس کی ڈی فارمیشن کہتے ہیں۔

7- ہُک کا قانون کیا ہے؟

جواب: اگر کسی سپرنگ پر بڑھاؤ یا سکڑاؤ کے لیے فورس F لگائی جائے تو اس میں پیدا ہونے والا پھیلاؤ یا سکڑاؤ 'x' لچک کی حد کے اندر لگائی گئی فورس کے راست متناسب ہوتا ہے۔ یعنی

$$F \alpha x$$

$$F = Kx \Rightarrow K = \frac{F}{x}$$

8- سپرنگ کانسٹنٹ کی تعریف کریں۔

جواب: ہُک کے قانون کے مطابق

$$F = Kx$$

$$K = F / x$$

جبکہ 'K' تناسب کا کانسٹنٹ ہے اور اسے سپرنگ کانسٹنٹ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ سپرنگ کی تختی کی پیمائش کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

9- سپرنگ کانسٹنٹ کا SI یونٹ لکھیں۔

جواب: سپرنگ کانسٹنٹ کا یونٹ نیوٹن فی میٹر (Nm^{-1}) ہے۔

10- کون سے آلات اپنے کام کے لیے ہُک کے قانون پر انحصار کرتے ہیں؟

جواب: سپرنگ سکیل بیلنس وہیل، اور گیلوانومیٹر وغیرہ۔

11- ہیئر (Hair) سپرنگ سے کیا مراد ہے؟

جواب: گیلوانومیٹر ایک بجلی معلوم کرنے والا آلہ ہے۔ یہ ایک چھوٹے سے سپرنگ کا استعمال کرتا ہے جیسے ہیئر سپرنگ کہتے ہیں جو کہ گیلوانومیٹر کوائل کو برقی کنکشن فراہم کرتا ہے اور پوائنٹر کو صفر کی پوزیشن پر بحال کرتا ہے۔ پوائنٹر کا ڈفلیکشن حد کے اندر اس کے ذریعے بہنے والے کرنٹ کے متناسب ہوتا ہے۔

12- ڈینسٹی کیا ہے؟ اس کا یونٹ لکھیں۔

جواب: کسی مادے کی ڈینسٹی کو اس کے ماس کے فی یونٹ والیوم کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔

والیوم/ماس = ڈینسٹی

ڈینسٹی کی SI اکائی kgm^{-3} ہے۔ دوسرا یونٹ gm^{-3} بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

-13 پانی کی ڈینسٹی کتنی ہے؟

جواب: پانی کی ڈینسٹی $1000\ kgm^{-3}$ ہے۔

-14 ڈینسٹی اور ماس کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

جواب: ڈینسٹی ماس کے راست متناسب ہے، یعنی جیسے جیسے ماس بڑھتا ہے ویسے ویسے ڈینسٹی بھی بڑھ جاتی ہے۔

-15 عمارت کے ڈیزائن میں ڈینسٹی کیوں اہم ہے؟

جواب: تعمیراتی مواد کی ڈینسٹی بنیادوں اور معاون ستونوں میں دور کار فورس کا اندازہ لگانے کے لیے ضروری ہے۔

-16 پریشر کی وضاحت کریں اور ایک مثال دیں۔

جواب: پریشر کی تعریف اس فورس کے طور پر کی جاتی ہے جو عام طور پر کسی چیز کے یونٹ ایریا پر لگائی جاتی ہے۔

مثال: چوپر کے بلیڈ کے کنارے میں پریشر کو بہت تیز بنایا جاتا ہے۔ جب ہم کسی چیز کو کاٹنے کے لیے چوپر کے ہینڈل پر زور لگاتے ہیں تو اس کے چھوٹے رقبے کی وجہ سے رابطے کی سطح پر اس کا پریشر بہت زیادہ ہو جاتا ہے اور یہ چیز آسانی سے کٹ جاتی ہے۔

-17 پریشر کا فارمولا اور SI یونٹ لکھیں۔

جواب: فارمولا: $P = F/A$،

پریشر کا یونٹ: پریشر کا SI یونٹ Nm^{-2} ہے اور اسے پاسکل (Pa) بھی کہا جاتا ہے۔

-18 فٹ بال اور ہاکی کے کھلاڑیوں کے جوتوں کے تلووں پر سٹڈز کیوں ہوتے ہیں؟

جواب: فٹ بال اور ہاکی کے کھلاڑیوں کے جوتے کے تلووں پر سٹڈز جڑے ہوتے ہیں۔ سٹڈز ان کے پیروں اور زمین کے درمیان رابطے کے ایریا کو کم کرتے ہیں۔ اس سے پریشر بڑھتا ہے اور آپ کے پاؤں سطح کو زیادہ مضبوطی سے پکڑ لیتے ہیں۔

-19 فضا سے کیا مراد ہے؟

جواب: زمین ہوا کی ایک تہہ سے گھری ہوئی ہے جسے ہم فضا کہتے ہیں۔

-20 فضائی پریشر کی تعریف کریں؟

جواب: فضا زمین کی سطح اور زمین کی ہر چیز پر پریشر ڈالتی ہے۔ اس پریشر کو فضائی پریشر کہا جاتا ہے۔

-21 فضائی پریشر کی پیمائش کے لیے کون سا یونٹ استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: فضائی پریشر کو عام طور پر پاسکل (Pa) میں ماپا جاتا ہے، ایٹماسفیئر (atm) اور ملی بار (mb) میں بھی ماپا جاتا ہے۔

-22 فضائی پریشر کی کیا وجوہات ہیں؟

جواب: فضائی پریشر زمین کے ماحول میں ہوا کے مالیکیول کے وزن کی وجہ سے ہوتا ہے۔

-23 فضائی پریشر کیسے ماپا جاتا ہے؟

جواب: بیرومیٹر کا استعمال کرتے ہوئے فضائی پریشر کی پیمائش کی جاتی ہے۔

-24 درجہ حرارت فضائی پریشر کو کیسے متاثر کرتا ہے؟

جواب: گرم ہوا کم ڈینسٹی والی ہوتی ہے اور اوپر کی طرف بڑھتی ہے۔ جس سے پریشر کم ہوتا ہے، جبکہ ٹھنڈی ہوا گھنی ہوتی ہے اور اس کے نتیجے میں زیادہ پریشر بناتی ہے۔

www.ilmkidunya.com

-25 سطح سمندر پر اوسط فضائی پریشر کیا ہے؟

جواب: سطح سمندر پر اوسط فضائی پریشر $1.013 \times 10^5 Pa$ ہے۔

-26 موسمی حالات کے ساتھ فضائی پریشر کیسے بدلتا ہے؟

جواب: کم پریشر طوفان یا بارش کے موسم سے منسلک ہوتا ہے جبکہ زیادہ پریشر عام طور پر صاف موسم سے منسلک ہوتا ہے۔

-27 اونچائی کیسے فضائی دباؤ کو متاثر کرتی ہے؟

جواب: چڑھائی، بڑھنے کے ساتھ ہی فضائی پریشر کم ہوتا ہے کیونکہ چڑھائی کے ساتھ ہوا کا وزن کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

-28 مینومیٹر کس کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

جواب: ایک مینومیٹر گیسوں یا مائعات کے پریشر کی پیمائش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

-29 پاسکل کا قانون کیا ہے؟

جواب: جب کسی چیز میں بند فلیوڈ کے ایک نقطہ پر پریشر ڈالا جاتا ہے تو یہ فلیوڈ کے ہر حصے میں برابر طور پر منتقل ہو جاتا ہے۔ یہ پاسکل کا قانون کہلاتا ہے۔

-30 جب کوئی مواد اپنی لچکدار حد تک پہنچ جاتا ہے تو اس کا کیا ہوتا ہے؟

جواب: جب مواد اپنی لچکدار حد تک پہنچ جاتا ہے۔ یہ مستقل طور پر خراب ہونے لگتا ہے۔

-31 ہُک کا قانون کسی طبیعی خاصیت کا تعین کرنے میں مدد کرتا ہے؟

جواب: ہُک کا قانون کسی مواد یا سپرنگ کی سختی کا تعین کرنے میں مدد کرتا ہے۔

-32 زلزلے سے بچنے والی عمارتوں میں ہُک کے قانون کا کیا کردار ہے؟

جواب: یہ ایسے مواد اور ڈھانچے کو ڈیزائن کرنے میں مدد کرتا ہے جو زلزلے کے دوران لہروں کو جذب کر سکتے ہیں اور لچکدار طریقے سے بگاڑ کو برداشت کر سکتے ہیں۔

-33 زیادہ ڈینسٹی والے مواد مائع میں کیوں ڈوبتے ہیں؟

جواب: کیونکہ ان کا وزن مائع کی طرف سے لگائی جانے والی فورس سے زیادہ ہے۔

-34 تیل پانی پر کیوں تیرتا ہے؟

جواب: تیل پانی پر اس لیے تیرتا ہے کیونکہ تیل کی ڈینسٹی پانی سے کم ہوتی ہے۔

-35 مینومیٹر کے پیچھے کیا اصول ہے؟

جواب: اب مینومیٹر کا اصول مائع کے کالم کی اونچائی کے ساتھ گیس یا مائع کے پریشر کو متوازن کرنے پر مبنی ہے۔

-7 پریشر مائع کے بوائلنگ پوائنٹ کو کیسے متاثر کرتا ہے؟

جواب: پریشر بڑھنے کے ساتھ بوائلنگ پوائنٹ میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پریشر ککر میں پانی سطح سمندر سے زیادہ درجہ حرارت پر ابلتا ہے۔

-8 ڈیم کی دیواریں نیچے کی طرف موٹی کیوں ہوتی ہیں؟

جواب: ڈیم کی دیواریں نچلی سطح پر زیادہ موٹی اس لیے ہوتی ہے کیونکہ گہرائی میں پانی زیادہ پریشر لگاتا ہے۔

www.ilmkidunya.com